http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر: عباس علی منصور

جلد: 22 | 22 ربیع الاول 1446ھ جمعہ 27 ستمبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ: 212



آزاد فلسطین کے بغیر خطے میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا، وزیراعظم

اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی، بربریت کا مظاہرہ کررہا ہے، فلسطینیوں پر مظالم، بربریت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، پاکستانی عوام کے دل فلسطینی بھائیوں کیساتھ دھڑکتے ہیں، شہباز شریف

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آزاد فلسطین کے بغیر خطے میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ وزیراعظم کی فلسطین کے صدر محمود عباس سے نیویارک میں ملاقات ہوئی جس میں دونوں رہنماں کے درمیان غزہ کی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اقوام عالم فلسطین کی آزاد ریاست کی تشکیل یقینی بنائیں، آزاد فلسطین کے بغیر خطے میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

قابض اسرائیلی فوج اسپتالوں کو بھی نشانہ بنارہی ہے

فلسطینی صدر کی اقوام متحدہ میں دہائی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس میں فلسطینی صدر محمود عباس نے کہا کہ قابض اسرائیلی فوج اسپتالوں کو بھی نشانہ بنارہی ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 79 واں اجلاس نیویارک میں جاری ہے جس میں خطاب کرتے ہوئے فلسطینی صدر محمود عباس نے کہا کہ نہتے فلسطینی اسرائیل کی جارحیت کا شکار ہیں۔ فلسطینی صدر کا کہنا تھا کہ اسرائیلی بربریت پر عالمی عدالت انصاف نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایم ڈی کیٹ کے نتائج جاری کرنے کی مشروط اجازت دے دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہید ذوالفقار علی بھٹو یونیورسٹی کو میڈیکل ایڈمشن ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کاروائی میں 8 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان کے علاقے رزمک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا، خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا، ہلاک دہشتگرد دفورسز، معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے، پاک فوج کے جوان ملکی سرزمین دہشتگردوں سے پاک کرنے کیلئے پرعزم ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 8 خوارج کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شمالی وزیرستان کے علاقے رزمک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا، ہلاک دہشتگرد دفورسز، معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے۔ واضح رہے کہ 20 ستمبر کو شمالی اور جنوبی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 12 خوارج کو ہلاک کردیا تھا۔ اس سے قبل 7 ستمبر کو سیکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا کے ضلع مہمند میں کامیاب کارروائی کے دوران 4 خارجی خودکش بمبار دہشت گردوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

کراچی: سی ٹی ڈی سندھ کی کارروائی میں برآمد ہونیوالا سیکورٹی کمپنی سے چرایا گیا اسلحہ اور گرفتار ملزم

صوابی کے تھانے میں زوردار دھماکے سے عمارت منہدم

1 اہلکار شہید اور 16 زخمی

صوابی سٹی کے مال خانے میں زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں ڈیوٹی پر مامور ایک اہلکار شہید جبکہ 16 افراد زخمی ہوئے ہیں، دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جارہا ہے جبکہ اسکے باعث عمارت کو نقصان پہنچا ہے، واقعے کے بعد جائے وقوعہ پر ریسکیو رضا کار اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں پہنچ گئی ہیں جبکہ سیکیورٹی کو ہائی الرٹ بھی کردیا گیا، ذرائع

صوابی (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے ضلع صوابی میں تھانے کے اندر زوردار دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں عمارت زمین بوس ہوگئی، جبکہ ایک اہلکار شہید اور 16 زخمی ہوئے ہیں۔ تھانہ صوابی سٹی کے مال خانے میں زوردار دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں ڈیوٹی پر مامور ایک اہلکار شہید جبکہ 16 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ضلعی پولیس آفیسر نے کہا کہ دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جارہا ہے جبکہ اس کے باعث عمارت کو نقصان پہنچا ہے۔ واقعے کے بعد جائے وقوعہ پر ریسکیو رضا کار اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں پہنچ گئی ہیں جبکہ سیکیورٹی کو ہائی الرٹ بھی کردیا گیا ہے۔ جائے وقوعہ پر ریسکیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)



نیویارک: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف فلسطینی صدر محمود عباس سے ملاقات کررہے ہیں

غیرملکی سفارتکاروں کے دورے کی اطلاع نہیں دی گئی تھی، ترجمان دفتر خارجہ

مالم جبہ واقعہ

پاکستان نے ملک میں مقیم ہرسفارتکار کو سیکیورٹی فراہم کرنے کا عزم کررکھا ہے، غیرملکی سفارتکاروں کو پاکستان ایکسپلور کرنے کی ہمت افزائی کرتے ہیں اور غیرملکی سفارتکاروں کو گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کا بھی کہتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ نے سوات کے سیاحتی مقام مالم جبہ میں پیش آنے والے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیرملکی سفارتکاروں کا دورہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس نے آرگنائز کیا تھا، ہمیں اس دورے کی معلومات نہیں دی گئی۔ مالم جبہ میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

باتیں ہورہی تھیں کہ پاکستان ڈیفالٹ کرجائیگا مگر سارے اشاریے مثبت ہیں، عطا تارڑ

نیویارک (بیورو رپورٹ) وزیراطلاعات عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ باتیں ہو رہی تھیں کہ پاکستان ڈیفالٹ کر جائیگا، آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

پاکستان کا دفاعی شعبے میں اہم معاہدہ، جے ایف 17 آذربائیجان کے فوجی بیڑے میں شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور چین کے اشتراک سے بنائے گئے جے ایف 17 بلاک تھری لڑاکا طیارے آذربائیجان کے فوجی بیڑے میں شامل کیلیے گئے ہیں۔ آذربائیجان (باقی صفحہ نمبر3 بقیہ 10)

سی ٹی ڈی کی کارروائی، سیکورٹی کمپنی سے اسلحہ چرانے والا گارڈ گرفتار، اسلحے سے بھرا بیگ برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی سندھ نے حب ریورروڈ پر واقع یوسف گوٹھ بس اسٹاپ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے چوری شدہ اسلحے سے بھرا بیگ برآمد کرلیا۔ سی ٹی ڈی سندھ کی جانب سے ضلع کیماڑی کے علاقے حب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

اسٹاک ایکسچینج میں مندی، سرمایہ کاروں کے 71 ارب روپے سے زائد ڈوب گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مندی کے سبب انڈیکس کی 82000 پوائنٹس کی نفسیاتی سطح دوبارہ گرگئی۔ تفصیلات کے مطابق آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کی پاکستان کے لیے 37 ماہ پر مشتمل 7 ارب ڈالر کے نئے قرض پروگرام کی منظوری کی خبر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

پریکٹس پروسیجر کمیٹی کے معاملے پر تحفظات

چیف جسٹس کا جسٹس منصور کو جوابی خط

جسٹس منصور، آپ نے کمیٹی میں عدم شرکت کے لیے چیف جسٹس آفس کو مطلع نہیں کیا، آپ کی عدم شرکت کے باعث کمیٹی کا جمعے کا اجلاس ملتوی کرنا پڑا، دو دن بعد آپ نے لکھا آپ کے الٹی میٹم پر عمل ہونے تک کمیٹی میں نہیں آئیں گے، کل جسٹس منصور آپ کی موجودگی میں جسٹس یحیٰی سے کمیٹی میں شرکت کا کہا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کے معاملے پر چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسی نے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ کے خط کا جواب دیدیا۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کے اجلاس میں شرکت سے انکار کیا تھا، جسٹس منصور علی شاہ نے خط لکھ کر صدارتی آرڈیننس پر تحفظات کا اظہار کیا تھا اور جسٹس منیب اختر کے کمیٹی سے اخراج پر بھی سوال اٹھایا تھا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ جسٹس منصور علی شاہ کے خط پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے جوابی خط میں لکھا کہ جسٹس شاہ آپ نے حقائق جانے بغیر الزام عائد کیا کہ میں نے جسٹس یحیی آفریدی، دوسرے سینئر جج کو بائی پاس کیا، جسٹس آفریدی کو اگر کوئی جج کمیٹی کا رکن نہیں بنانا چاہتا تو وہ جسٹس منیب اختر ہیں۔ چیف جسٹس نے لکھا کہ 20 ستمبر کو کمیٹی اجلاس سے متعلق جسٹس یحیی آفریدی سے رابطے کی کوشش کی گئی، ان کی عدم دستیابی پر جسٹس امین سے درخواست کی تو انہوں نیلا ہور روانگی ملتوی کردی۔ چیف جسٹس نے لکھا کہ جسٹس منصور، آپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلدیات خالد حیدر شاہ کی زیرصدارت کلک پراجیکٹ جائزہ اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلدیات خالد حیدر شاہ کی زیرصدارت کلک پراجیکٹ جائزہ اجلاس پراجیکٹ ڈائریکٹر کلک آصف جان صدیقی کی جانب سے تفصیلی بریفنگ۔ کراچی کے انیس ٹاؤنز کا بجٹ کلک کے ذریعے آن لائن پروگرام سے منسلک کردیا گیا ہے، آصف جان کراچی کے ایکس ٹاؤنز کے مکمل اثاثہ جات کا ریکارڈ آن لائن سسٹم سے منسلک کیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

بیل آؤٹ پیکیج، آئی ایم ایف نے پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی قسط جاری کردی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے بیل آؤٹ پیکج کے حوالے سے اعلامیہ جاری کردیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی پہلی قسط جاری کردی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کردیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

ایف بی آر کا سسٹم بیٹھ گیا، گوشوارے جمع کروانے میں مشکلات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے سسٹم میں سست روی اور پیچیدگیوں کے باعث انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے میں عوام کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ کراچی چیمبر نے تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کا مطالبہ کردیا۔ ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

پاک بحریہ نے ورلڈ میری ٹائم ڈے 2024ء منایا گیا

پاک بحریہ نے میری ٹائم کا عالمی دن منایا۔ اس سال ورلڈ میری ٹائم ڈے کا موضوع ''مستقبل کی جہاز رانی: حفاظت سب سے پہلی'' (Navigating the Future: Safety First) ہے۔ 1974 میں اپنائے جانے والے سمندر میں انسانی جان کی حفاظت کے بین الاقوامی کنونشن کو رواں سال 2024 میں 50 سال مکمل ہو رہے ہیں، جو سمندری تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کا اہم معاہدہ ہے۔ یہ دن ہر سال معاشی ترقی میں میری ٹائم سیکٹر کے کردار کو اجاگر کرنے اور شپنگ سیفٹی، میری ٹائم سیکیورٹی اور سمندری ماحول کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لئے منایا جاتا ہے۔

رواں سال، ورلڈ میری ٹائم ڈے کا موضوع اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز) کے ایجنڈ 2030 کے ساتھ منسلک ہیں، خاص طور پر ایس ڈی جی 7- جس کا مقصد تحقیق اور ٹیکنالوجی تک رسائی کو آسان بنا کر سستی، قابل اعتماد، پائیدار اور جدید توانائی تک رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ پاک بحریہ کے تمام بحری پلیٹ فارمز اور ساحلی تنصیبات پر حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاتے ہیں۔ سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے میری ٹائم کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں پائیدار اور ماحول دوست قوانین کی جانب دنیا کی منتقلی سے قومی مفادات کو ہم آہنگ کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے میری ٹائم سیفٹی کے حوالے سے پاک بحریہ کی کاوشوں کو اجاگر کیا جو غیر متزلزل عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انھوں نے سمندری اور ماحولیاتی تحفظ کی پاسداری کے لیے پاک بحریہ کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔

اس موقع پر پاک بحریہ نے میری ٹائم سیکٹر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے متعدد سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، جس میں میری ٹائم سینٹر آف ایکسیلینس (ایم سی ای) اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز (نیما) کے زیراہتمام پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں سیمینارز کا انعقاد کیا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے دیگر سرگرمیوں میں پاکستان میری ٹائم میوزیم میں میری ٹائم گالا، آگاہی واک، بینرز آویزاں کرنا، بحریہ کالجز/یونیورسٹیوں میں میری ٹائم آگاہی لیکچرز اور فیلڈ کمانڈز میں مضمون نویسی کے مقابلے شامل تھے۔ میری ٹائم کے عالمی دن کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریبات عوام میں بحری آگہی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔









سندھ حکومت نے توہین رسالت کے ملزم کی جعلی پولیس مقابلے میں ہلاکت کی تصدیق کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پولیس نے عمر کوٹ میں توہین رسالت کے الزام میں ڈاکٹر شاہنواز کے جعلی پولیس مقابلے کی رپورٹ پیش کردی، وزیرداخلہ سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

8 ستمبر جلسے کے بعد واضح کرچکا

ہم کسی سے مذاکرات نہیں کریں گے

عمران خان

اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں ہے، رؤف حسن کو غلط فہمی ہوئی، اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں ہے، 8 ستمبر جلسے کے بعد واضح کرچکا ہوں کہ ہم کسی سے مذاکرات نہیں کریں گے، پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان بات چیت ناگزیر ہے، اس میں دیر نہیں ہونی چاہیے، اڈیالہ جیل میں عمران خان کی صحافیوں سے مختصر گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔راولپنڈی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

سونے کا مقامی و عالمی بھاؤ بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کا مقامی اور عالمی بھاؤ تاریخ کی بلند (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی: سپر ہائی وے پر مبینہ مقابلہ، 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

پولیس نے زخمی ڈاکوؤں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائٹ سپر ہائی وے صنعتی ایریا پولیس نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

پی آئی اے ہیڈ آفس میں نجکاری کے خلاف احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

سندھ رینجرز کا بدین کے بھوگڑہ میمن گوٹھ میں فری میڈیکل کیمپ کا اہتمام

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) پاکستان رینجرز (سندھ) نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس، سول انتظامیہ اور پی پی ایچ آئی کے تعاون سے ضلع بدین کے علاقے بھوگڑہ میمن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

وزیر اعلیٰ سندھ

کلچر دنیا میں تبدیلی کا بڑا ہتھیار ہے، اس سے فاصلے کم ہوتے ہیں

سماجی تقسیم اور عدم برداشت کا مقابلہ کلچر سے کیا جا سکتا ہے، ہمیشہ مختلف عقائد اور ثقافتوں کی سرزمین رہی ہے، موسیقی وہ جذبات بھی پہنچانے کی صلاحیت رکھتی ہے، مراد علی شاہ کا آرٹ کونسل میں ورلڈ کلچرل فیسٹیول کی تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ایک ایسے دور میں جہاں تقسیم اور عدم برداشت نے معاشرے کی بنیادیں ہلا دی ہیں ہمیں اپنی ثقافتی روایات کی طرف رجوع کرنا چاہیے جو ہمیں برداشت، عزت اور اختلافات کو خندہ پیشانی سے قبول (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: وزیرداخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار آئی جی سندھ اور صوبائی وزیر سید سردار شاہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

سندھ بھر میں ڈینگی کی وارننگ جاری

کراچی سمیت مختلف شہروں کیلئے ڈینگی الرٹ جاری کردیا

مون سون کے بعد کے موسم میں 20 ستمبر سے 5 دسمبر 2024 کے دوران ممکنہ ڈینگی پھیلنے کی وارننگ دی گئی، متاثرہ شہروں میں کراچی، لاہور، پشاور، راولپنڈی، اسلام آباد، حیدرآباد، فیصل آباد، سیالکوٹ، لاڑکانہ اور ملتان شامل ہیں، صحت حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ صحت نے ڈینگی کے خطرے کے پیش نظر کراچی، لاہور، پشاور، راولپنڈی، اسلام آباد، حیدرآباد اور دیگر شہروں کے لیے ڈینگی الرٹ جاری کردیا محکمہ صحت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مون سون کے بعد کے موسم میں 20 ستمبر سے 5 دسمبر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

اماراتی قونصل جنرل کے بیٹے کی شادی میں سندھ حکومت کی اعلیٰ شخصیات کی شرکت

تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ، شرجیل انعام میمن اور ناصر حسین شاہ نے شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی کے بیٹے محمد بخیت کی یو اے ای میں ہونے والی شادی میں سندھ حکومت کی اعلیٰ شخصیات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

بینکاک سے کراچی کیلئے بک کرائے گئے پارسل سے منشیات برآمد

انٹرنیشنل میل آفس کراچی ایئرپورٹ پر پارسل آیا جس پر ڈیفنس کراچی کا پتہ درج تھا، پارسل کی تحقیقات شروع کردی گئی، ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی سے منشیات کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کراچی پولیس چیف کی نارتھ کراچی کے صنعتکاروں کو سیکیورٹی صورتحال بہتر بنانے کی یقین دہانی

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کراچی جاوید عالم اوڈھو نے نارتھ کراچی صنعتی ایریا میں سیکورٹی صورتحال کو بہتر بنانے اور صنعتکاروں کو اپنے ہر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

عزیر بلوچ کے بھائی زبیر کیخلاف مقدمے کی مدعی ارشد پپو کی اہلیہ کو ڈھونڈنے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے ارشد پپو قتل کیس میں گینگ وار سرغنہ عزیر بلوچ کے بھائی زبیر بلوچ سمیت دیگر کی درخواست ضمانت پر تفتیشی افسر کو مدعی مقدمہ کی تلاش جاری رکھنے کا حکم دیدیا۔ جمعرات کو سندھ ہائی کورٹ میں جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو کی سربراہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

ای او بی آئی، فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کی تحقیقات کے دوران محمد فاروق طاہر پر عائد من گھڑت الزامات ثابت نہ ہوسکے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نجی شعبہ کے ملازمین کو ریٹائرمنٹ، معذوری اور ان کی وفات کی صورت میں پنشن فراہم کرنے والے قومی ادارہ ایمپلائیز اولڈ ایج بینی فٹس انسٹی ٹیوشن (EOBI) میں بدعنوان اور بااثر افسران کی جانب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

صحت مندانہ ماحول کی فراہمی کیلئے سکھر میں خاتون افسر نے شہر کو صاف کرنے کا بیڑا اٹھالیا

سکھر (اسٹاف رپورٹر) شہریوں کو صاف وصحت مندانہ ماحول کی فراہمی کیلئے سکھر میں خاتون افسر نے شہر کو صاف کرنے کا بیڑا اٹھالیا اس سلسلے میں صفائی آگاہی کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر سکھر سٹی ثوبیہ فلک راؤ کی زیر قیادت واک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی، قطر اسپتال میں خاتون سے جنسی ہراسانی کا واقعہ

2 افراد مجھے پکڑ کر ایک کمرے میں لے گئے، 4 افراد نے مجھ سے زیادتی کی کوشش کی، متاثرہ خاتون

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے قطر اسپتال میں خاتون کو جنسی ہراساں کرنے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ اورنگی ٹاؤن قطر اسپتال میں مبینہ طور پر خاتون کو جنسی ہراساں کرنے کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کورنگی: فائرنگ سے باپ جاں بحق، بیٹا زخمی ہونے کا مقدمہ درج

فرار ہونے والے دیگر 2 ڈاکوؤں کو بھی جلد ہی گرفتار کرلیا جائے گا، ایس ایس پی کورنگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی کراسنگ پر فائرنگ سے باپ جاں بحق اور بیٹے کے زخمی ہونے کے واقعے کا مقدمہ کورنگی انڈسٹریل ایریا تھانے میں درج کرلیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو کا نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

جسم سے باہر دل رکھنے والے 8 دن کے بچے کا سرجری نہ ہونے کے باعث انتقال

انتہائی رسکی اور پاکستان میں پیڈیاٹریک کارڈک سرجنز کی کمی کے سبب بچے کی بروقت سرجری نہ ہوسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جسم سے باہر دل رکھنے والا 8 دن کا بچہ سرجری نہ ہونے کے باعث انتقال کرگیا، انتہائی رسکی اور پاکستان میں پیڈیاٹریک کارڈک سرجنز کی کمی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

7 سالہ بچی کے اغوا کا مقدمہ نانا نانی کیخلاف درج کرنے کی درخواست مسترد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے 7 سالہ بچی کے اغوا کا مقدمہ نانا نانی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد کردی۔ سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ کے روبرو 7 سالہ بچی کے اغوا سے متعلق درخواست پر سماعت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

اسامیاں دستیاب ہونے کے باوجود سندھ پولیس کے سینئر افسران ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی کے منتظر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پولیس میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ڈی ایس پی) کی 85 اسامیاں دستیاب ہونے کے باوجود انسپکٹرز کے عہدے پر موجود افسران تاحال اپنی ترقی کے منتظر ہیں۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

جیکب آباد، بچے میں پولیو وائرس کا شبہ، بچہ چلنے پھرنے سے مفلوج ہوگیا

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد، بچے میں پولیو وائرس کا شبہ، بچہ چلنے پھرنے سے مفلوج ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کی یونین کونسل جونگل کے گاؤں محمد خان بنگلانی میں غلام مصطفیٰ لاشاری کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کے الیکٹرک کی ٹیکس وصولی آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے: درخواستگزار

ایم یو سی ٹی چارجز کا نفاذ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ میں بجلی کے بلوں میں میونسپل ٹیکس کی وصولی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت میں موقف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

سندھ ہائی کورٹ کا لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے اقدامات جاری رکھنے کا حکم

سچل سے لاپتا عبدالصمد نے قرضے لئے ہوئے تھے، جے آئی ٹی نے شہری کو ازخود لاپتا قرار دیا ہے، شہری کے ساتھ دماغی مسائل بھی ہیں، سرکاری وکیل کا موقف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے لاپتا افراد کی بازیابی کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

جب تک منافقت ختم نہیں کرینگے نظام اور حالات بہتر نہیں ہونگے، مصطفیٰ کمال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ جب تک منافقت ختم نہیں کریں گے نظام اور حالات بہتر نہیں ہونگے، پاکستان میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن ایکسپوسینٹر میں نمائش میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

حافظ نعیم

جماعت اسلامی کا 29 ستمبر کو ملک گیر دھرنے کا اعلان

حکمرانوں نے گزشتہ 45 روز میں چند کاسمیٹک اقدامات کیے جب کہ یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ معاہدہ پر مکمل عملدرآمد ہوگا، جماعت اسلامی ان اقدامات کو تسلیم نہیں حافظ نعیم

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی نے راولپنڈی معاہدے پر حکومت کی جانب سے عمل درآمد نہ کرنے پر 29 ستمبر کو ملک بھر کی اہم شاہراہوں پر دھرنا دینے کا اعلان کردیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی زیر صدارت منصورہ میں قائدین کا اجلاس ہوا، جس میں راولپنڈی میں حکومت کی جانب سے کیے جانے والے معاہدے پر عمل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

32 ونگ
رینجرز
26-09-2024

بدین: پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے بدین کے علاقے میں فری میڈیکل کیمپ میں لوگوں کو فری ادویات دی جارہی ہیں

شرجیل میمن

ہمارے لیے جسٹس منصور اتنے ہی قابل احترام ہیں جتنے چیف جسٹس فائز عیسیٰ

آئینی عدالت میں تمام صوبوں کی نمائندگی ہوگی، چیف جسٹس ہر صوبے سے ہوگا، یہاں ہر کوئی اپنا کام چھوڑ کر دوسرے کا کام کرتا ہے، پیپلز پارٹی آئینی عدالت کی حمایت کرتی ہے تاکہ لوگوں کو جلد انصاف فراہم کیا جائے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ہمارے لیے جسٹس منصور اتنے ہی قابل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

انتظامی معاملات میں بے جا مداخلت کا ارباب اختیار سختی سے نوٹس لیں، اساتذہ

ریٹائر پروفیسر اور سرمایہ کاروں کی اس مداخلت سے ریسرچ سینٹر کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کو نقصان پہنچ رہا ہے، ڈاکٹر ریاض احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی سی سی بی ایس جامعہ کراچی میں نئے ڈائریکٹر کی تعیناتی جامعہ کراچی کے ایکٹ کوڈ کے تحت کی جائے، یونیورسٹی کے سب سے بڑے تحقیقی ادارے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)



حلیم عادل شیخ

جعلی مینڈیٹ سے بننے والی

حکومتیں عوام کا معاشی قتل عام کررہی ہیں

جعلی مینڈیٹ سے بننے والی حکومتیں عوام کا معاشی قتل عام کروا رہی ہیں دو سالوں میں مہنگائی دو سو فیصد تک بڑھ چکی ہیں، عمران خان کو جیل میں رکھ کر ملک نہیں چل سکتا، عدلیہ اور میڈیا کو آزاد کیا جائے تاکہ عدل انصاف کی فراہمی بلاتعطل جاری رہ سکے، رہنما پی ٹی آئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

منشیات ایک لعنت ہے اس سے چھٹکارہ دلانا قومی مشن ہے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سے امریکہ کے قونصل جنرل اسکالٹ اربوم نے جمعرات کے روز بلدیہ عظمیٰ کراچی کے صدر دفتر میں ملاقات کی اور بیرسٹر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

ایف آئی اے کی کارروائی، عمرہ کی آڑ میں منشیات سمگلنگ 2 رکنی خواتین گینگ گرفتار

گرفتار خواتین سمگلرز غیر قانونی سمگلنگ اور ٹریفکنگ کی سرگرمیوں کے حوالے سے عادی ملزمان ہیں ملزمان کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عمرہ کی آڑ میں منشیات اسمگلنگ 2 رکنی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

بلدیاتی اداروں کی نااہلی نے کراچی کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے، احمد ندیم اعوان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان نے شہر کی بدترین صورتحال اور ٹوٹی سڑکوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلدیاتی اداروں کی نااہلی نے کراچی کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے۔ مفاد پرست سیاست دانوں نے پورے شہر کی حالت تباہ کردی ہے۔ شہر قائد میں نظام زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔

جیکب آباد میں زہریلی گولیاں کھانے سے دو معصوم بہن بھائی جاں بحق ہوگئے

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد میں زہریلی گولیاں کھانے سے دو معصوم بہن بھائی جاں بحق ہوگئے۔ جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے لطیف آباد محلے میں زہریلی گولیاں کھانے سے دو معصوم بہن بھائی کی حالت غیر ہوگئی گھر والوں نے بچوں کو ٹھل اسپتال منتقل کیا جہاں 5 سالہ محمد سعد جمالی فوت ہوگیا جبکہ 3 سالہ حورین کو تشویشناک حالت میں سکھر کی اسپتال کی منتقل کیا گیا۔

تھانہ زمان ٹاؤن عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے چوروں کا ساتھی بن گیا

چوری کے خلاف درخواست دینے والے شہری سے پیسوں کا مطالبہ، متاثرہ شہری ایک افسر سے دوسرے افسر کے دفتر کے چکر لگاتا رہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع کورنگی کا تھانہ زمان ٹاؤن عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے چوروں کا ساتھی بن گیا، چوری کے خلاف درخواست دینے والے شہری سے پیسوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنے کیلئے سود سے پاک معاشی پالیسیاں بنائی جائیں، شاداب رضا نقشبندی

ملک سے سودی نظام کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں، سود کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے حکومت، اعلیٰ عدلیہ کو اسلامی نظریاتی کونسل کی طرح کردار ادا کرنا ہوگا، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنے کیلئے سود سے پاک معاشی پالیسیاں بنائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

کے ایم ڈی سی ملازم کو ٹکر مارنے والی کار ن لیگ کے کارکن کی نکلی

ملزم ریحان مصطفیٰ کے والد ڈاکٹر اور چچ ریٹائرڈ ڈی ایس پی ایک ہی گھر میں اوپر نیچے کی منزل پر رہائش پذیر ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی یونیورسٹی روڈ پر ہٹ اینڈ رن کیس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

DOCTORS
COLLEGE

این آئی سی ایچ؛ تشدد کے واقعات پر طبی عملے نے او پی ڈی کا بائیکاٹ کردیا

حالیہ دنوں میں مریضوں کے تیمارداروں کی جانب سے طبی عملے کو ہراساں کیا گیا، خاص طور پر ایک دن میں متعدد واقعات پیش آئے، ڈاکٹرز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) این آئی سی ایچ میں تشدد کے واقعات پر طبی عملے نے او پی ڈی کا بائیکاٹ کردیا۔ شہر قائد کے سب سے بڑے امراض اطفال کے اسپتال میں طبی عملے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

وزیر جامعات کی صدارت اہم اجلاس، سندھ کی تمام یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کی اجلاس میں شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر جامعات محمد علی ملکانی کی زیر صدارت سندھ کی تمام یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کے اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں تمام یونیورسٹیز میں جاری ترقیاتی اسکیموں پر تفصیلی بریفنگ پیش کی گئی اور درپیش مسائل کے بابت آگاہی دی گئی۔ وزیر جامعات نے تمام یونیورسٹیز کو جاری کردہ بجٹ اور ان کی جاری اسکیموں پر کام کی تفصیلات اور اخراجات کی بابت پوچھ گچھ کی۔

سکھر میں کچے کے ڈاکو پولیس سے اپنے ساتھی کو چھڑا کرلے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کچے کے ڈاکوؤں کا راج شہر میں بھی برقرار ہے، ڈاکو جدید اسلحہ لیکر شہر میں پہنچے اور اپنے ساتھی ڈاکو محبوب ناریجو کو فائرنگ کرتے ہوئے پولیس تحویل سے چھڑا کرلے گئے۔ سکھر سینٹر جیل سے سکھر پولیس لائن کی پولیس قیدی محبوب ناریجو کو پیشی پر پیر گوٹھ عدالت کے کر آئی تھی اسی دوران ڈاکو کے ساتھیوں نے پولیس نے فائرنگ کرتے ہوئے اپنے ساتھ ڈاکو کو چھڑا کرلے گئے۔

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سے امریکہ کے قونصل جنرل اسکالٹ اربوم کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے بینظیر شہید اے این ایف ماڈل ایڈیکشن یونٹ اینڈ ری ہیبلیٹیشن کا دورہ کیا، اس موقع پر کمانڈر اینٹی نارکوٹکس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

اے این ایف نے ملتان ایئرپورٹ پر کوکین اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنادی

رواں سال پاکستان میں منشیات اسمگل میں گرفتار غیرملکی شہریوں کی بڑی تعداد افریقی ممالک سے ہے 2024ء میں زیادہ غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کیا گیا، ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف نے ملتان ایئرپورٹ پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

کراچی: سینئر رہنما ایم کیو ایم پاکستان مصطفیٰ کمال جامعہ کراچی میں متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام ''جشن اردو'' کے سلسلے میں منعقدہ مشاعرے سے خطاب کررہے ہیں

کراچی: گورنر کامران ٹیسوری اے این ایف ایڈیکشن یونٹ اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا سے خطاب کررہے ہیں، دوسری جانب بچوں کے ہمراہ کھیلتے ہوئے

چیف ایڈیٹر: علی منصور
روزنامہ
تشکر کراچی
نیوز

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارضِ وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کے شہر سے
روزنامہ تشکر کراچی نیوز

سلگتے مسائل و تنازعات میں یو این جنرل اسمبلی کے اجلاس کا آغاز

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 79واں اجلاس نیویارک میں شروع ہوگیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی شرکت کی۔ یہ اجلاس شریک ممالک کے لیے ریاستی علاقائی اور عالمی مسائل و معاملات اقوام عالم کے سامنے رکھنے کا بہترین فورم اور موقع ہوتا ہے۔ ایک ہفتہ تک جاری رہنے والے اجلاس میں شریک ممالک کے سربراہان کی آپس میں ملاقاتیں ہوتی ہیں، ہر ملک کے سربراہ کو خطاب کا موقع ملتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف وفد کے ساتھ اجلاس میں شریک ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت خالد مقبول صدیقی اور معاون خصوصی طارق فاطمی وزیر اعظم کے ہمراہ وفد میں شامل ہیں۔

سائیڈ لائن ملاقات میں وزیر اعظم شہباز شریف نے ڈاکٹر ہرینی امرسوریا کو سری لنکا کی نئی وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ان کے ساتھ تجارت اور سیاحت سے متعلق امور پر گفتگو کی۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر معیز و کیساتھ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی ترقی اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے لئے عوام کے درمیان روابط اور باہمی تعاون کی کوششوں میں اضافہ کی ضرورت اور خطے کے امن، خوشحالی اور استحکام کے لئے مل کر کام کرنے کے لئے جنوبی ایشیائی ممالک کی مشترکہ ذمہ داری پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعظم نے مالدیپ کے ساتھ تجارت، سیاحت، تعلیم، سرمایہ کاری اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے نیویارک میں دیرپا ترقی کے اہداف پر پینل مباحثے میں شرکت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان میں تعلیم کے شعبے پر پوری توجہ سے کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے باور کرایا کہ ڈھائی کروڑ بچے آج بھی سکولوں سے باہر ہیں جو سب سے بڑا چیلنج ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے نائن الیون کے بعد دہشتگردی کا سامنا کیا۔ پاکستان کو معاشی طور پر 150 ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔ دہشت گردی کے باعث 80 ہزار جانیں گئیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث 2022 میں پاکستان کو تباہ کن سیلاب کا سامنا کرنا پڑا۔ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے ترقی پذیر ممالک کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات اور دہشت گردی کے باعث ہمیں بھاری مالی و جانی نقصان اٹھانا پڑا، پاکستان جیسے ممالک کو ایسی صورتحال میں ادھار اور قرض لینا پڑتا ہے جو ان کیلئے موت کا پھندا ہے۔

چند روز قبل اقوامِ متحدہ کے سمٹ آف دی فیوچر سے پہلے ورچوئل گلوبل اجلاس سے خطاب کے دوران وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا تھا کہ بڑھتی ہوئی غربت اور قرضے اجتماعیت کے تصور کو دھندلا رہے ہیں، ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک کے واجب الادا قرضے معاف کئے جائیں۔

اج دنیا کو گلوبل وارمنگ کا سامنا ہے جو اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے بقول اب گلوبل بوائلنگ میں بدل گئی ہے۔ عالمی سطح پر اس کے لائحہ عمل کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے

دہشت گردی کا چیلنج بدستور موجود ہے۔ اسرائیلی جارحیت پہلے کی طرح جاری ہے۔ بھارت کے مظالم رکنے میں نہیں آ رہے۔ اسلاموفوبیا کی جڑیں گہری ہو رہی ہیں۔ یہ عوامل قوموں کے مابین نفرتوں میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں جبکہ ضرورت عالمی ہم آہنگی کی ہے۔

مشرق وسطی کی تازہ صورتحال کے مطابق اسرائیل کی جانب سے لبنان کے شہروں پر جاری خوفناک بمباری سے 500 سے زائد افراد کی شہادت کے بعد ہزاروں لوگ اپنے گھروں کو چھوڑ کر محفوظ مقامات کی تلاش میں نکل پڑے ہیں۔ الجزیرہ کے مطابق اسرائیل لبنانی دارالحکومت بیروت سمیت مختلف شہروں پر گزشتہ دو دنوں میں سینکڑوں فضائی حملے کر چکا ہے۔ پہلے روز آدھے گھنٹے میں 80 خوفناک حملے کئے گئے۔

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے جنرل اسمبلی سے اپنے افتتاحی خطاب میں کہا کہ فلسطینیوں کو اجتماعی سزا بلاجواز ہے۔ غزہ کی صورتحال خوفناک ہے۔ دنیا میں سزا سے استثنی کا رجحان ناقابل برداشت اور عالمی امن کیلئے خطرہ ہے۔ عالمی برادری دو ریاستی حل کو کامیاب بنائے۔ لبنان کو ایک اور غزہ نہیں بننا چاہئے۔ عدم مساوات کے رجحانات دنیا کے لئے بڑھتا خطرہ ہیں۔ دوسری طرف امریکی صدر جو بائیڈن نے اپنے خطاب میں کہا کہ غزہ میں جنگ بندی معاہدے کی فوری ضرورت ہے، مشرق وسطی میں جنگ کا پھیلاؤ کسی کے حق میں نہیں۔ کسی بھی ملک کو حق ہے کہ وہ یقینی بنائے کہ اس پر دوبارہ حملہ نہ ہو۔ دنیا 7 اکتوبر کے ہولناک واقعات کو کبھی نظر انداز نہیں کرسکتی۔ انہوں نے کہا کہ دو ریاستوں کا قیام ہی مسئلہ فلسطین کا حل ہے۔ فلسطینیوں کو اپنی ریاست میں رہنے کا حق ملنا چاہئے۔

ضلع کیماڑی تھانہ سائٹ اے پولیس کی پانچ مختلف مقامات پر کامیاب کارروائیاں

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی تھانہ سائٹ A پولیس کی پانچ مختلف مقامات پر کامیاب کارروائیاں۔ اسٹریٹ کرائم، اشتہاری ملزم ومنشیات و گٹکا ماوا فروشی میں ملوث 07 ملزمان گرفتار۔ ایس ایس پی کیماڑی، کیپٹن (ر) فیضان علی ملزمان کے قبضے سے ایک عدد غیر قانونی پستول، ایمونیشن، کرسٹال، چرس اور گٹکا ماوا برآمد۔ پہلی کارروائی میں پرویز نامی ملزم کو گھاڑو چوک پٹھان کالونی سے گرفتار کر کے 51 گرام کرسٹال برآمد کی گئی۔ جبکہ ملزم بالا تھانہ ہذا کے مقدمہ میں اشتہاری بھی تھا۔ دوسری کارروائی میں ثاقب نامی ملزم کو اسٹیٹ ایونیو روڈ سائٹ ایریا سے غیر قانونی پستول و ایمونیشن سمیت گرفتار کیا گیا۔ تیسری کارروائی میں فاروق نامی ملزم کو اسٹیٹ ایونیو روڈ سائٹ ایریا سے گرفتار کر کے 120 گرام چرس برآمد کی گئی۔ چوتھی کارروائی میں احسان اللہ نامی ملزم کو منگھو پیر روڈ سے گرفتار کر کے 15 عدد پڑیاں گٹکا ماوا برآمد کیا گیا۔ پانچویں کارروائی میں۔ 1۔ اکبر زادہ، 2۔ بختیار اور 3۔ عدیل نامی ملزمان کو گھاڑو چوک پٹھان کالونی سے 360 گرام چرس سمیت گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ سائٹ اے انسپکٹر چوہدری جاوید اختر کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کارروائیاں کرتے ہوئے گرفتار کیا۔

شوبز نیوز
تشکر

نعمان اعجاز کا مشورہ، پاک بھارت مداحوں کا اظہارِ پسندیدگی

کراچی (شوبز نیوز) معروف سینئر اداکار نعمان اعجاز نے سوشل میڈیا پر مداحوں کو ایک مشورہ دیا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کے ور اسٹائل اداکار نعمان اعجاز اپنی منفرد اور معنی خیز پوسٹنگ کے سبب خوب جانے جاتے ہیں۔ اداکار اکثر اوقات ہی اپنے مداحوں و فالوورز کو اپنی حسِ مزاح سے محظوظ کرتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے گزشتہ روز اپنی ایک تصویر کے ساتھ نیا پیغام شیئر کیا ہے۔ انسٹا گرام اکاؤنٹ پر شیئر کی گئی تصویر کے کیپشن میں نعمان اعجاز نے لکھا ہے کہ ضبطِ نفس کا آغاز آپ کے خیالات پر قابو پانے سے ہوتا ہے، اگر آپ اپنی سوچ پر قابو نہیں رکھ سکتے تو آپ اپنے اعمال پر بھی قابو نہیں رکھ سکتے، سوچوں پر قابو کرنا سیکھیں۔ نعمان اعجاز کو اس پوسٹ پر نا صرف پاکستان بلکہ بھارتی مداحوں کی جانب سے بھی خوب سراہا جا رہا ہے۔ دوسری جانب بالی ووڈ سپر اسٹار امیتابھ بچن نے کون بنے گا کروڑ پتی سیزن 16 میں گفتگو کے دوران انکشاف کیا کہ انہیں 1981 کی فلم یارانہ کے گانے، سارا زمانہ کی فلم بندی کیلیے بجلی کے جھٹکے لگے تھے۔ واضح رہے کہ وہ اکثر فلم کے سیٹس، ایوارڈ شوز اور کون بنے گا کروڑ پتی کی میزبانی کے دوران اپنے تجربات اور زندگی کے واقعات شیئر کرتے ہیں۔ اسی حوالے سے انہوں نے ایک کنٹسٹنٹ سے گفتگو کے دوران مذکورہ بالا گانے کی شوٹنگ کے دوران 'بجلی کے جھٹکوں' کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ گانا کولکتہ کے نیتا جی سبھاش چندرا اسٹیڈیم میں رات کے وقت شوٹ کیا گیا تھا کیونکہ اس زمانے میں دن کے اوقات میں پرستار بڑی تعداد میں جمع ہوجاتے تھے۔ انہوں نے اپنے آئیکونک لباس الیکٹرک جیکٹ کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا اس وقت ٹیکنالوجی زیادہ ایڈوانس نہیں تھی، لہٰذا جیکٹ کی روشنیوں کو بجلی سے منسلک ایک تار سے کنٹرول کیا جارہا تھا۔

غیر قانونی تعمیرات کی کھلی چھوٹ

کراچی کے ماڈل کالونی میں زمین مافیا کا راج

ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ڈی آئی) ذوالفقار بلیدی خود کو وزیر کی حیثیت دیتے ہوئے دعوی کرتے ہیں کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرسکتا، ذرائع کا دعویٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) غیر قانونی تعمیرات کی کھلی چھوٹ، کراچی کے ماڈل کالونی میں زمین مافیا کا راج۔ زرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ کورنگی کے سب ڈویژن ماڈل کالونی میں غیر قانونی تعمیرات عروج پر ہیں۔ سروے رپورٹ کے مطابق، رہائشی پلاٹوں پر کمرشل نقشے بغیر کسی منظوری کے جاری کیے جا رہے ہیں، جبکہ سب ڈیوائیڈ پلاٹوں پر بلڈنگ پلان کی منظوری کے بغیر ہی تعمیرات جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق، ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ڈی آئی) ذوالفقار بلیدی خود کو وزیر کی حیثیت دیتے ہوئے دعوی کرتے ہیں کہ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرسکتا۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ یہ سب کچھ وزیر بلدیات سعید غنی کے کہنے پر کر رہے ہیں۔ غیر قانونی منصوبے اور تعمیرات کی تفصیلات شیٹ نمبر 06، پلاٹ نمبر 74 زرائع کے مطابق رہائشی پلاٹ پر موسمی بلڈر فرحان ملا نے موبائل مال اور پورشنز کی تعمیر شروع کر دی ہے۔ انہوں نے پہلے ہی مارکیٹ سے کروڑوں روپے ایڈوانس بکنگ کے ذریعے وصول کر لیے ہیں اور گراونڈ فلور پر دکانوں کی تعمیر مکمل کر کے پہلا فلور بھی شروع کر دیا ہے۔ شیٹ نمبر 05، پلاٹ نمبر 40-41-42 زرائع کے مطابق، ان پلاٹوں کی جعلی عملگمیٹ کر کے ہائی رائیز بلڈنگ کی تعمیر کا منصوبہ شروع کر دیا گیا ہے۔ بغیر این او سی کے سیل و ایڈورٹائزنگ کے منصوبے کا بکنگ آفس فٹ پاتھ پر قائم ہے۔ اس منصوبے میں گراونڈ پر شوروم ز اور آٹھ منزلہ رہائشی فلیٹس کی بکنگ کی جا رہی ہے۔ شیٹ نمبر 05، پلاٹ نمبر 5-92 زرائع کے مطابق، مسعود اسٹیٹ کے ملازم عدنان انصاری نے اور سینئر پاکستانی حاجی اسماعیل مرحوم کے رہائشی پلاٹ پر قبضہ کر کے غیر قانونی تعمیرات شروع کر دی ہیں۔ اینٹی کرپشن کی جانب سے بھی انکوائری شروع کی گئی ہے، تاہم بغیر نقشہ منظوری کے دو فلورز کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ شیٹ نمبر 05، پلاٹ نمبر 47 زرائع کے مطابق، موسمی بلڈر جہانگیر نے پرانا اسٹرکچر منہدم کر کے بیسمنٹ کے لئے بارہ فٹ گہری کھدائی شروع کر دی ہے۔ شیٹ نمبر 04، پلاٹ نمبر 04 زرائع کے مطابق، رہائشی پلاٹ پر پرانا اسٹرکچر گرا کر غیر قانونی کمرشل تعمیرات شروع کردی گئی ہیں۔ شیٹ نمبر 05، پلاٹ نمبر 117 زرائع کے مطابق، پلاٹ کو سب ڈیوائیڈ کر کے بیسمنٹ کے لئے کھدائی شروع کی گئی ہے۔ شیٹ نمبر 10 زرائع کے مطابق، لیاقت علی خان روڈ پر اقرا اسٹیٹ کے مالک نے تین سو گز کی جگہ پر پرانی بلڈنگ گرا کر شاپس پلس پورشن کی تعمیر شروع کر دی ہے۔ شیٹ نمبر 12، پلاٹ نمبر 74 زرائع کے مطابق، دو سال قبل بنائی گئی غیر قانونی دکانوں کو "ماڈل بال روم" شادی ہال میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ جعفر باغ، سروے نمبر 36 زرائع کے مطابق، بوستان گارڈن فیز ٹو منصوبے کو سندھ بلڈنگ کنٹرول نے غیر قانونی قرار دیا تھا، لیکن تعمیراتی کام جاری ہے۔ دفتر کو سیل کرنے کے باوجود، بکنگ بوستان ہائیٹس کے دفتر سے جاری ہے۔ شیٹ نمبر 02، جناح ایونیو زرائع کے مطابق، امین مسجد کے قریب رہائشی پلاٹ پر بغیر قانونی کارروائی کے پیٹرول پمپ کی تعمیر جاری ہے۔ سوئیٹ ہوم لینڈ، پلاٹ نمبر 18 زرائع کے مطابق، پرانا بنگلہ منہدم کر کے غیر قانونی پورشنز کی تعمیرات شروع کی گئی ہیں۔ شیٹ نمبر 09، پلاٹ نمبر 1-11 بغیر نقشہ منظوری کے گراونڈ پلس ٹو ہاسٹلز تعمیر کیے گئے ہیں اور تیسری منزل پر کام شروع ہو چکا ہے۔ شیٹ نمبر 9، پلاٹ نمبر 11/1 زرائع کے مطابق، اشفاق مغل نے ذوالفقار بلیدی کی سرپرستی میں غیر قانونی پورشنز تعمیر کیے ہیں۔ شیٹ نمبر 06، پلاٹ نمبر E-79 طارق بیٹری نے رہائشی پلاٹ پر بیٹریوں کا کارخانہ قائم کر رکھا ہے، جو انسانی جانوں کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ لیاقت مارکیٹ دکانوں کے آگے غیر زرائع کے مطابق، قانونی طور پر زمین پر قبضہ کر کے تین منزلہ تعمیرات کی گئی ہیں۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی ملی بھگت ماڈل کالونی میں جاری غیر قانونی تعمیرات میں ذوالفقار بلیدی اور دیگر افسران ملوث ہیں۔ بلیدی گزشتہ دس سال سے اسی علاقے میں تعینات ہیں اور ہر بار مختصر مدت کے لیے ٹرانسفر کے بعد واپس ماڈل کالونی آ جاتے ہیں۔ اس دوران مختلف اسٹیٹ ایجنسیز اور بلڈروں نے ان کے ساتھ ملی بھگت کر کے کروڑوں روپے کی غیر قانونی تعمیرات کا جال بچھا رکھا ہے۔ صحافیوں پر جھوٹے مقدمات اور تشدد کی دھمکیاں بھی دی جاتی ہیں تا کہ وہ اس لاقانونیت کے خلاف آواز نہ اٹھا سکیں۔ حال ہی میں وزیر بلدیات کے نوٹس پر بلڈنگ کنٹرول کے ڈیمولیشن اسکواڈ نے بھی محض رسمی کارروائی کی اور پیسے بٹورے۔ ماڈل کالونی میں جاری لاقانونیت اور غیر قانونی تعمیرات کے باوجود کسی قسم کی قانونی کارروائی عمل میں نہیں آ رہی، جس سے عوام میں شدید مایوسی پائی جاتی ہے۔



آرٹس کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ 35 روزہ ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی 2024ء کا شاندار افتتاح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام منعقدہ 35 روزہ ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی 2024ء کا شاندار افتتاح کردیا گیا۔ افتتاح مہمانانِ خصوصی گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ کے ہمراہ کیا۔ ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی کی افتتاحی تقریب میں مختلف ممالک کے سفارت کاروں کی شرکت۔ ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی میں 100 سے زائد کلچرل پرفارمنسز ہوں گی جبکہ 450 سے زائد فنکار پرفارم کریں گے، پاکستان اور بین الاقوامی تھیٹر، میوزک، ڈانس گروپ کی پرفارمنس کے علاوہ فائن آرٹ بھی فیسٹیول میں شامل۔ فلسطین، ترکیہ، بھارت، متحدہ عرب امارات، امریکا، برطانیہ، جرمنی، چائنا، آسٹریلیا، روس، مصر، عراق، ساؤتھ افریقہ، اٹلی، جاپان، سری لنکا، ساؤتھ کوریا، ناروے، برازیل، اسپین، بیلجیم، یوکرین، اومان، قطر، مالٹا، زمبابوے، بنگلہ دیش، آذربائیجان، اسکاٹ لینڈ، ہنگری، فرانس، یوگنڈا، بیلاروس، آئرلینڈ، کوسووہ، برونڈی، کانگو، روانڈا، الجزائر، سوئٹزرلینڈ کے فنکار ورلڈ کلچر فیسٹیول کراچی میں پرفارم کریں گے۔ قوالی اور کلاسیکل رقص، اختر چنال، وہاب بگٹی، مائی ڈھائی، انسٹرومنٹلسٹ عبداللہ، فقیر ذوالفقار کے علاوہ سارنگی، بانسری جیسے ساز بھی فیسٹیول کی رونق کو بڑھائیں گے۔

کے الیکٹرک کا لائسنس منسوخ کیا جائے، امیر جماعتِ اسلامی کراچی کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعتِ اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کے الیکٹرک کا لائسنس منسوخ کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ منعم ظفر نے کہا ہے کہ تاجر پریشان ہیں، صنعت کار پریشان ہیں، کے الیکٹرک سب سے زیادہ یونٹ چارج کر رہی ہے۔ منعم ظفر نے کہا کہ ہمارا واضح مطالبہ ہے کہ کے الیکٹرک کا لائسنس منسوخ کیا جائے، عوام کو سستی بجلی فراہم کریں، لوڈشیڈنگ اور بھاری بھرکم بلوں کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر دوست اسکیم کے نام پر تاجر دشمن اسکیم بنا دی گئی ہے۔ منعم ظفر نے مزید کہا کہ ہماری تحریک کا اگلا مرحلہ شروع ہو چکا ہے، ہم 29 ستمبر کو دس سے زائد مقامات پر دھرنے دینے جا رہے ہیں، حکومت کے نمائندے اپنی عیاشیاں ختم نہیں کر رہے، مہنگی گاڑیاں اور اضافی پیٹرول مل رہا ہے۔ منعم ظفر نے کہا سندھ حکومت کی تاریخ ہے کہ تعلیم کو تباہ کر کے بچوں کو پڑھنے نہ دو، صوبائی حکومت تعلیم کے ساتھ کھیل رہی ہے، حکمرانوں سے مطالبہ ہے کہ بااختیارات کمیٹی بنائی جائے جو طلبہ کے معاملات دیکھے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کی شفاف اور آزادانہ انکوائری ہونی چاہیے۔ منعم ظفر نے کہا کہ اس وقت شہر میں بڑا مسئلہ تباہ حال انفرا اسٹرکچر ہے، مرتضیٰ وہاب اس شہر کے لیے بھیانک خواب بن گئے ہیں، وہ نوٹس تو لیتے ہیں لیکن ان کے نوٹس کا جواب نہیں آتا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جماعتِ اسلامی کراچی کے امیر منعم ظفر خان نے کے الیکٹرک کی جانب سے بدترین لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لیے نیپرا کے چیئرمین کو اپنی ذمے داری پوری کرنے کے حوالے سے خط ارسال کیا تھا۔ انہوں نے مطالبہ کیا تھا کہ نیپرا بدترین لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لے، کے الیکٹرک کے خلاف فوری کارروائی کرے۔

حافظ نعیم کا ساتھ دو
جماعت اسلامی
Haq Do Karachi Ko

ILMA یونیورسٹی کرکٹ ٹیم کی شاندار کامیابی، شاہین کرکٹ کلب کو 66 رنز سے شکست

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ILMA یونیورسٹی کرکٹ ٹیم اور شاہین کرکٹ کلب کے درمیان Dar-Us-Salam کرکٹ Stadium میں کھیلا گیا میچ ILMA یونیورسٹی نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 199 رنز کا ٹارگٹ دیا جس میں نمایاں اسکور رحمت اللہ نے 75 اور تیمور علی نواز نے 69 رنز کی شاندار اننگ کھیلی، جواب میں شاہین کرکٹ کلب کی ٹیم 133 رنز پر ڈھیر ہوگئی جس میں نمایاں بیٹسمین کلیم احمد نے 45 رنز اسکور کیے ILMA یونیورسٹی کے جانب سے شاندار بولنگ کرتے ہوئے اعزاز خان نے چالیس رنز دے کر پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، آل پاکستان ایچ، ای، سی انٹر یونیورسٹی چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے ILMA یونیورسٹی کی ٹیم اپنی کرکٹ کی تیاری کے سلسلے میں یہ میچ کھیلا گیا اس شاندار کامیابی پر وائس چانسلر صاحب نے جیتنے والی ٹیم کے طلباء کو مبارک باد دی اور انہوں نے کہا ILMA یونیورسٹی کی ٹیم کی کامیابی کا سفر ہمیشہ اسی طرح گامزن رہنا چاہیے اور اس کامیابی پر ڈائیریکٹر اسپورٹس راعون فرید اور مینجر اسپورٹس عاشق حسین کو اپنے بھر تعاون کا یقین دلایا اور کہا انشاء اللہ ILMA یونیورسٹی اسی طرح کامیابی سمیٹتی رہے گی۔

نیو کراچی ٹاؤن میں سڑکوں کی مرمت و تعمیر کا کام شب و روز جاری



کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں سڑکوں کی مرمت و تعمیر کا کام شب و روز جاری ہے۔ برسوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار سیکٹر 5C باڑہ مارکیٹ روڈ کی تعمیر کا کام جاری۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ سڑک کی تعمیر کے کام کا معائنہ۔ اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 3 کے چیئرمین علی ارشد، یونین کمیٹی نمبر 12 کے چیئرمین عظیم انور، وائس چیئرمینز، اراکین یونین کمیٹی، انچارج محکمہ بی اینڈ آر فیصل صغیر و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ چیئرمین محمد یوسف نے سڑک کی تعمیر کا معائنہ کرتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ سڑک کی تعمیر میں بہترین میٹریل استعمال کیا جائے تا کہ مظبوط اور پائیدار سڑکیں تعمیر کی جا سکیں۔ چیئرمین محمد یوسف نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے عوامی مسائل کو مرحلہ وار حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزکورہ سڑک عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھی اور سیوریج کا پانی جمع رہتا تھا جس سے علاقہ مکین ذہنی اذیت کا شکار تھے۔ ہم نے پہلے مرحلے میں سیوریج لائنوں کی ورنگ چنگ مشینوں کے زریعے صفائی کروائی اور آج الحمد اللہ سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے، اس موقع پر موجود عوام نے چیئرمین محمد یوسف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم نے جماعت اسلامی کے نمائندوں کو منتخب کیا، جو عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہمارے درمیان موجود ہیں اور صرف باتیں نہیں ہمارے بلدیاتی مسائل بھی حل کر رہے ہیں۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ بلدیاتی مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو تنہا نہیں چھوڑیں گے محدود وسائل میں بھی جماعت اسلامی کے نمائندے عوام کے درمیان موجود ہیں، انہوں نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کو سر سبز و شاداب بنانے کے لئے شاہراہوں پر موجود گرین بیلٹس پر شجر کاری مہم جاری ہے جس کے لئے محکمہ باغات شب و روز مصروف ہے بعد ازاں چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے مجیب الرحمٰن گرلز اسکول سیکٹر F-11 میں شجر کاری مہم کا افتتاح۔ اس موقع پر اسکول پرنسپل، اساتذہ اور طالب علموں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ درخت انسان دوست ماحول فراہم کرنے کا بہترین زریعہ ہیں، درخت خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں شہر کی خوبصورتی کو بحال کرنے کے لئے ہر شخص اپنے حصے کا کم از کم ایک پودا لگائے یہ صدقہ جاریہ بھی ہے اپنے پیاروں کے نام کا پودا لگا کر ثواب کا زریعہ بنائیں۔ واضح رہے کہ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف اور اُن کی ٹیم اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو بہتر معاشرتی اور خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں۔

خواجہ اجمیر نگری پولیس نے نان کسٹم پیڈ چھالیہ کی سپلائی ناکام بنادی

کراچی (کرائم رپورٹر) خواجہ اجمیر نگری پولیس نے نان کسٹم پیڈ چھالیہ کی سپلائی ناکام بنادی ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل خواجہ اجمیر نگری پولیس نے 4 U اسٹاپ نزد اچانک ہوٹل عمر گوٹھ کے پاس بروقت کارروائی کرتے ہوئے نان کسٹم پیڈ چھالیہ کی سپلائی ناکام بناتے ہوئے 1 ملزم کو گرفتار کرلیا ملزمان کرولا کار میں نان کسٹم پیڈ چھالیہ کی سپلائی کر رہے تھے جنکے قبضے سے کرولا کار کے اندر موجود 10 بورے چھالیہ وزنی تقریبا 110 کلو برآمد ہوئیگرفتار ملزم کی شناخت شاہد ولد انوار کے نام سے ہوئی ملزم کے خلاف ضابطے کی کارروائی مکمل کر کے کسٹم حکام کو آگاہ کردیا گیا ہے۔

SINDH POLICE
POLICE STATION PAKISTAN BAZAR
WEST DISTRICT WEST ZONE, KARACHI

ایسٹ پولیس کا ٹیپو سلطان کے علاقے عمر کالونی اور اطراف میں کومبنگ، سرچ آپریشن

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کا رات گئے تھانہ ٹیپو سلطان کے علاقے عمر کالونی اور اطراف میں کومبنگ / سرچ آپریشن کیا گیا۔ ایس ایس پی ایسٹکومبنگ / سرچ آپریشن کی نگرانی ایس ڈی پی او بہادر آباد کر رہے تھے۔ ایس ایس پی ایسٹکومبنگ / سرچ آپریشن جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کیا جارہا تھا۔ کومبنگ / سرچ آپریشن کے دوران علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو سیل کر کے گھر گھر تلاشی لی گئی۔ بائیومیٹرک تلاش ڈیوائسز کی مدد سے متعدد مشتبہ اشخاص کی ویریفیکیشن / تصدیق بھی کی گئی۔ کومبنگ / سرچ آپریشن میں افسران و جوان، انٹیلیجنس اسٹاف، تلاش ڈیوائس آپریٹرز اور لیڈیز اسٹاف اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔



پنجاب میں امتحانی مراکز بکتے اور سندھ سے زیادہ نقل ہوتی ہے، وزیر تعلیم سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے کہا ہے کہ پنجاب میں سندھ سے زیادہ نقل ہوتی ہے وہاں پورے کے پورے امتحانی مراکز بک جاتے جاتے ہیں۔ سندھ کے وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ نے پنجاب کے تعلیمی نظام پر تنقید کرتے ہوئے پنجاب میں سندھ سے بھی زیادہ امتحانات میں نقل ہونے کا الزام عائد کیا ہے اور کہا ہے وزیر تعلیم پنجاب نے تو خود اعتراف کیا تھا کہ ان کے ہاں پورے کے پورے امتحانی مراکز بک جاتے ہیں۔ سندھ میں نقل روکنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ سردار شاہ نے کہا کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ میں معیار تعلیم کے حوالے سے ایک رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کے ادارے زمینی حقائق جانے بنا ڈیسک انالسٹ کا کردار ادا کر رہے ہیں اور حقیقت جانے بنا سندھ کے تعلیم معیار کو نیچا دکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلاننگ کمیشن نے یکطرفہ رپورٹ جاری کی ہے کہ سندھ میں اسکول خستہ حال ہیں۔



کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا، ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، جیسن گلسپی

کراچی (اسپورٹس نیوز) پاکستان ریڈ بال ٹیم کے کوچ جیسن گلسپی کا کہنا ہے کہ کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا اور ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، پلیئرز کی فٹنس کا معاملہ کنٹرول ہوسکتا ہے۔ چیمپئنز کپ کے دوران کمنٹری میں گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلسپی نے کہا کہ بنگلا دیش کیخلاف سیریز میں نتائج ہمارے حق میں نہ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے انگلینڈ کے خلاف اسکواڈ کو بنگلا دیش سیریز سے زیادہ مختلف نہیں رکھا، ایک بری سیریز کے بعد جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہتے۔ جیسن گلسپی نے کہا کہ کامران غلام کو بتایا گیا ہے کہ اس وقت موجودہ پلیئرز کو اعتماد دیا گیا تھا، کامران غلام کی فارم اور پرفارمنس سے واقف ہوں، وہ ہماری پلاننگ میں ہے۔ گلسپی کا کہنا تھا کہ پلیئرز کے ورک لوڈ مینجمنٹ پر گیری کرسٹن سے بھی بات ہوئی ہے، ہمیں 11 کھلاڑیوں سے بالاتر ہوکر ایک اسکواڈ کی سوچ اپنانا ہوگی۔ ریڈ بال ہیڈ نے مزید کہا کہ خواہش تھی کہ شاہین آفریدی پہلا ٹیسٹ چھوڑ کر فیملی کو وقت دیتے، مستقبل کی مصروفیات دیکھ کر پلیئرز کو چیمپئنز کپ کے بقیہ میچز سے روکا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے کنڈیشن کیمپ میں کرکٹرز نے غیر ملکی لیگز کیلئے این او سی پالیسی پر بات کی۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کنڈیشن کیمپ میں قومی کرکٹرز نے پی سی بی حکام سے سوالات کیے۔ کھلاڑی نے مکالمے میں کہا کہ مانتے ہیں پرفارمنس اچھی نہیں، پرفارمنس کیلئے دماغی سکون کی ضرورت ہوتی ہے۔ ذرائع کے مطابق کھلاڑیوں نے کہا کہ غیر ملکی لیگز کیلئے این او سی پالیسی پر نظر ثانی کی جائے، این او سی کا قانون کھلاڑیوں کیلئے الگ الگ ہے، پی سی بی این او سی پر التواء کرتا ہے، جواب نہیں ملتا۔ چیئرمین پی سی بی نے سی او او سلمان نصیر کو این او سی معاملات پر نظر ثانی کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

معاملے کو طوالت دی گئی، دنیا کا امن تباہ ہوسکتا ہے، فلسطینی بھائیوں کی قربانیاں، صبر، استقامت رائیگاں نہیں جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ وقت آئے گا کہ آزاد فلسطین کا قیام ہوگا، فلسطین کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی، بربریت کا مظاہرہ کررہا ہے، فلسطینیوں پر مظالم، بربریت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، پاکستانی عوام کے دل فلسطینی بھائیوں کیساتھ دھڑکتے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ تاریخ نے ایسی تباہی کبھی نہیں دیکھی جو فلسطین کے ساتھ کیا گیا، وقت آگیا ہے سب اکٹھے ہوکر غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ کریں۔ دوسری جانب فلسطینی صدر محمود عباس کا کہنا تھا کہ پاکستان ابتدائی دو 1948 سے پہلے سے فلسطین کے ساتھ کھڑا ہے، پاکستان کے لیے جتنا ممکن ہوا فلسطینی بھائیوں کی مدد کی، عالمی برادری کے سامنے بھی پاکستان نے فلسطین کی حمایت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

تاریخی فیصلہ دیا، جنرل اسمبلی نے فلسطین کو ریاست کا درجہ دینے کی قرارداد منظور کی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے عالمی قوانین کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں جب کہ فلسطینیوں کی نسل کشی کی جارہی ہے، فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کرنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ محمود عباس نے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ قابض اسرائیلی فوج اسپتالوں کو بھی نشانہ بنارہی ہے، غزہ میں ہنگامی بنیادوں پر امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل کو غزہ کا ایک سینٹی میٹر علاقہ بھی لینے نہیں دیں گے، فلسطین ہمارا وطن ہے اور ہم اسے چھوڑ کر نہیں جائیں گے۔ فلسطینی صدر نے مزید کہا کہ فلسطینی عوام غزہ سے نہیں نکلیں گے، یہ ہمارے باپ دادا کی زمین ہے، فلسطین ہمارا ہے اور ہمارا ہی رہے گا لیکن غاصب اسرائیل غزہ سے ایک دن ضرور نکلے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

کے نتائج جاری کرنے کی اجازت دے دی، جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ ایم ڈی کیٹ کے نتائج عدالت کے حتمی آرڈر سے مشروط ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے آؤٹ آف سلیبس سوالات آنے پر ایم ڈی کیٹ کا میڈیکل ایڈمشن ٹیسٹ دوبارہ لینے کے لیے عمار نعیم، شاہ زیب وزیر اور صبا ایمان سمیت 6 اسٹوڈنٹس کی جانب سے دائر پٹیشن پر سماعت کی۔ رجسٹرار پی ایم ڈی سی اور رجسٹرار یونیورسٹی سمیت دیگر حکام پیش ہوئے جنہوں نے بتایا کہ پی ایم ڈی سی نے وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل کالج پروفیسر عمر کی سربراہی میں کمیٹی بنادی، 6 سوالات ایسے ہیں جن کا لیول ہائی تھا اور گریس مارکس دیے گئے، ایک خفیہ رپورٹ کے مطابق کچھ باہر کے لوگ معاملات خراب کرنا چاہتے ہیں، اسلام آباد میں 22 ہزار 500 طلبہ نے امتحان دیا، جن میں سے 200 طلبہ کی شکایت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

کو ہلاک کرکے فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) ہیڈکوارٹرز مہمند پر حملے کی کوشش ناکام بنادی تھی۔ اگست کے آخر میں بھی سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کی وادی تیراہ میں کامیاب آپریشن کے دوران 25 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

رضاکاروں نے امدادی کام شروع کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا جبکہ بم ڈسپوزل اسکواڈ کو بھی طلب کرلیا گیا ہے۔ دھماکے کے بعد باچا خان میڈیکل کمپلیکس میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی، جبکہ ترجمان نے بتایا کہ ابتدائی مراحل میں 8 زخمی منتقل کیے گئے جن میں سے 2 کی حالت تشویشناک ہے۔ باچا خان اسپتال کے ڈائریکٹر نے کہا کہ انتظامیہ زخمیوں کو علاج کی فراہمی کی نگرانی کررہی ہیں۔ وزیراعلی خیبر پختونخوا سردار علی امین گنڈاپور نے صوابی کے تھانے میں ہونے والی دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے آئی جی پی اور چیف سیکرٹری کو فوری طور پر دھماکے کی جگہ پہنچنے کی ہدایت کردی۔ وزیراعلی نے دھماکے کی نوعیت کا تعین کرنے اور رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعلی نے متعلقہ ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کو فوری طور ریسکیو کارروائیاں شروع کرنے کی ہدایت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے ساتھ بروقت طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمارت کے مال خانے میں دہشت گردوں سے برآمد ہونے والا بارودی مواد شارٹ سرکٹ کے باعث دھماکے سے پھٹ گیا اور متعدد دھماکے ہوئے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

ایم ایف کو لیٹر بھی لکھے گئے مگر آج سارے اشارے مثبت ہیں۔ وزیر اطلاعات نے نیو یارک میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ترکیے کے صدر نے بھی پاکستان کی معاشی بحالی کی تعریف کی، پاکستان ڈیفالٹ کر جانے کی باتیں ہوتی تھیں، آئی ایم ایف کو لیٹر بھی لکھے گئے مگر آج سارے اشارے مثبت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کو واپس لانے کی پالیسی غلط تھی، اس کے اثرات خیبر پختونخوا میں نظر آرہے ہیں، امریکا نے کیا ڈیمانڈ کی تھی کہ جس کے جواب میں ابسلوٹلی ناٹ کہا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

22 ستمبر کو غیرملکی سفارتکاروں کے قافلے پر دھماکا ہوا تھا، دھماکے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور 3 زخمی ہوئے تھے تاہم دھماکے میں تمام سفارت کار محفوظ رہے تھے۔ دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ نے ہفتہ وار بریفنگ کے دوران مالم جبہ واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غیرملکی سفارتکاروں کا دورہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس نے آرگنائز کیا تھا، بعض سفارتکاروں نے انفرادی طور پر اپنے سفر کے بارے میں آگاہ کیا تھا، جس کے بعد وزارت خارجہ نے کے پی حکومت کو آگاہ کیا لیکن چیمبر آف کامرس کی طرف سے ہمیں اس دورے کی معلومات نہیں دی گئیں جس پر تحقیقات جاری ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے ملک میں مقیم ہر سفارتکار کو سکیورٹی فراہم کرنے کا عزم کر رکھا ہے، غیرملکی سفارتکاروں کو پاکستان ایکسپلور کرنے کی ہمت افزائی کرتے ہیں اور غیرملکی سفارتکاروں کو گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کا بھی کہتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ او آئی سی کے جموں وکشمیر کے رابطہ گروپ کا اجلاس یو این اجلاس کے سائیڈ لائنز اجلاسوں میں کل منعقد ہوا جس دوران وزیر دفاع خواجہ آصف نے اجلاس کو بریفنگ دی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

ریور روڈ پر واقع یوسف گوٹھ بس اسٹاپ پر انٹیلی جنس بیس کارروائی کرتے ہوئے ملزم عرفان محمد ولد اکبر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے غیر قانونی اسلحے کے بھرا کٹ بیگ برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزم کو غیر قانونی اسلحہ منتقل کرتے ہوئے گرفتار کیا گیا، گرفتار ملزم کے قبضے سے برآمد کٹ بیگ سے 5 شارٹ گن، 3 رائفل اور 2 تیس بور پستول برآمد کرلیے گئے۔ گرفتار ملزم کی نشاندھی پر لانڈھی اور قائد آباد کے علاقے میں چھاپہ مار ٹیمیں روانہ کردی گئیں ہیں، ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم نے برآمد اسلحہ ایک نجی سیکیورٹی کمپنی سے چوری کیا تھا جس کا مقدمہ گزری تھانے میں درج ہے۔ گرفتار ملزم کا تعلق صوبہ کے پی کے سے ہے۔ گرفتار ملزم شہر مختلف سیکیورٹی کمپنیوں میں بطور سیکیورٹی گارڈ ملازمت کرچکا ہے۔ گرفتار ملزم کے خلاف سی ٹی ڈی تھانے میں غیرقانونی اسلحے کی دفعہ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

پرفوری منافع کے حصول کے خواہشمندوں کی سرگرمیوں سے پاکستان اسٹاک ایکس چینج جمعرات کو اتار چڑھاؤ کے بعد مندی کی زد میں رہی۔ مندی کے سبب 59.23 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں جبکہ سرمایہ کاروں کے 71 ارب 41 کروڑ 32 لاکھ 56 ہزار 926 روپے ڈوب گئے۔ کاروبار کے آغاز پر مثبت سینٹیمنٹس کی وجہ سے مارکیٹ میں ایک موقع پر 658 پوائنٹس کی تیزی کے ساتھ ہنڈریڈ انڈیکس 82905 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

کے صدر الہام علیوف نے باکو میں حیدر علیوف ایئرپورٹ پر پاکستانی فوجی حکام کے ہمراہ جے ایف 17 لڑاکا طیارے کی مہارت کا مشاہدہ کیا، جوکہ پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس اور چینگڈو ایئرکرافٹ کارپوریشن کے اشتراک سے بنائے گئے ہیں۔ اس حوالے سے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ دوست ممالک کے ساتھ دفاعی تعاون کو بڑھانے کے لیے پاکستان کی کوششوں کے ایک حصے کے طور پر آذربائیجان کی فضائی طاقت کو بڑھانے کے لیے جے ایف 17 - بلاک تھری لڑاکا طیاروں کی فروخت کے معاہدے پر حال ہی میں دستخط کیے گئے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ پاکستان کے حالیہ دورے کے دوران، آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کو BLOCK-III JF-17 لڑاکا طیارے کی جنگی صلاحیتوں اور ورسٹائل اختیارات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ صدر علیوف کے دورے کے بعد اور حکومت آذربائیجان کی درخواست پر، پاکستان نے پی اے ایف کا دستہ باکو ADEX-2024 میں شرکت کے لیے تعینات کیا جس میں فضائی صلاحیت اور پاکستان کے فخر جے ایف 17 - تھنڈر بلاک تھری کے جامد ڈسپلے کا مظاہرہ کیا گیا۔ اس دوران JF-17 نے پی اے ایف ملٹی رول ٹینکر ٹرانسپورٹ (ایم آر ٹی ٹی) طیارے سے ایک ہی ہاپ میں باکو، آذربائیجان کے لیے ایئر ٹو ایئر فیولنگ کی، جس سے طویل فاصلے تک پہنچنے کی صلاحیت اور پی اے ایف کے لڑاکا طیارے کی پہنچ کا مظاہرہ ہوا۔ صدر الہام علیوف نے BLOCK-III JF-17 کے جامد ڈسپلے کو دیکھا اور بعد میں JF-17 تھنڈر کے ایک دلکش فضائی مظاہرے کا مشاہدہ کیا، جس میں پی اے ایف پائلٹس کی پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ ساتھ لڑاکا طیارے کی چستی اور چالبازی کا مظاہرہ کیا گیا۔ جے ایف 17 - تھنڈر بلاک تھری ایک اے ای ایس اے ریڈار اور لانگ رینج بی وی آر سے لیس 4.5 جنریشن کا ملٹی رول لڑاکا طیارہ ہے جو عصری فضائی طاقت کے اختیارات فراہم کرنے والے جنگی مشنوں کی وسیع صفوں کو انجام دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس طرح آذربائیجان کی قومی سلامتی کے پیراڈائم کو مضبوط کرتا ہے۔ آذربائیجان کے صدر نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے فراہم کی جانے والی حمایت پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان موجودہ فوجی تعاون کو مضبوط بنانے، قریبی دفاعی تعاون کو فروغ دینے اور دونوں ممالک کے درمیان گرمجوشی برادرانہ تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

کمیٹی میں عدم شرکت کے لیے چیف جسٹس آفس کو مطلع نہیں کیا، آپ کی عدم شرکت کے باعث کمیٹی کا جمعے کا اجلاس ملتوی کرنا پڑا، دو دن بعد آپ نے لکھا آپ کیالٹی میٹم پر عمل ہونے تک کمیٹی میں نہیں آئیں گے، کل جسٹس منصور آپ کی موجودگی میں جسٹس یحییٰ کمیٹی میں شرکت کا کہا، جسٹس آفریدی نے کہا کہ وہ ججز کمیٹی میں نہیں بیٹھنا چاہتے۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس پاکستان نے جسٹس منیب اختر کو پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی میں شامل نہ کرنے کی 11 وجوہات بتائیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیف جسٹس نے اپنے جواب میں لکھا کہ جسٹس منیب اختر کا سینئر ججز سے رویہ انتہائی سخت تھا، ایسا جسٹس منصور آپ کے اصرار پر کیا گیا، قانوناً آپ اس بات پر سوال نہیں اٹھا سکتے کہ چیف جسٹس کس جج کو کمیٹی میں شامل کرے، میں ہمیشہ احتساب اور شفافیت کا داعی رہا ہوں، جسٹس منیب اختر کو کمیٹی میں شامل نہ کرنے کی آپ کو وجوہات بتا رہا ہوں۔ چیف جسٹس نے اپنے خط میں لکھا کہ جسٹس منصور قانوناً آپ یہ بھی نہیں پوچھ سکتے میں تیسرا رکن کسے نامزد کروں کسے نا کروں، تاہم، چونکہ میں ہمیشہ احتساب اور شفافیت کی حمایت کرتا رہا ہوں، میں وجوہات فراہم کروں گا، میں وجوہات فراہم کروں گا کہ جسٹس منیب اختر کو کیوں تبدیل کیا گیا، یہ یاد رہے کہ میں یہ آپ کے اصرار پر کر رہا ہوں تاکہ کوئی ناراض نہ ہوجائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

گیا، ایگزیکٹو بورڈ نے پاکستان کے لیے توسیعی فنڈ سہولت کے تحت 7 ارب ڈالر کی منظوری دے دی۔ اعلامیے کے مطابق ایگزیکٹو بورڈ نے پاکستان کے لیے فوری طور پر تقریباً 1 ارب ڈالر کی قسط جاری کردی گئی ہے اور نیا قرض پروگرام 37 ماہ پر مشتمل ہے۔ آئی ایم ایف نے بتایا کہ پاکستان میں معاشی شرح نمو 2.4 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ افراط زر میں بھی کمی واقع ہوئی ہے تاہم پاکستان اب بھی کئی بڑے چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، جن میں مشکل کاروباری ماحول، کمزور حکمرانی، اور محدود ٹیکس بیس شامل ہیں۔ اعلامیے کے مطابق نئے قرض پروگرام کا مقصد میکرو اکنامک استحکام کی بحالی اور سرکاری اداروں کی اصلاحات کے ذریعے عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لانا ہے، اس پروگرام میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

جاچکا ہے، آصف جان نے کہا کہ کلک کے ذریعے کونسل ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کے نظام کو ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے، آصف جان صدیقی ہر یونین کونسل کی سطح پر شفافیت اور ٹرانسپیرنسی کے نفاذ کی کوشش کی جارہی ہے، آصف جان صدیقی تمام ملازمین کی اپائنٹمنٹ اور ریٹائرڈمنٹ کا مکمل ریکارڈ مرتب کی جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا، ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں مزید کوئی توسیع نہیں کی جائے گی۔ ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان کو 30 ستمبر تک ہر صورت ٹیکس ریٹرن فائل کرانے کی ہدایت کر دی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق اب تک 19 لاکھ 26 ہزار سے زائد گوشوارے جمع ہو چکے ہیں جبکہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والے نان فائلرز کے خلاف سخت ایکشن کی تیاری بھی مکمل کرلی گئی ہے۔ تاہم ایک طرف نان ٹیکس فائلرز پر پابندیاں بڑھائی جارہی ہیں تو دوسری طرف فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آئی) کے سسٹم میں سست روی اور پیچیدگی کے باعث انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے میں عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ صنعت کاروں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ آن لائن ریٹرن جمع کرنے کا پورٹل کام نہیں کررہا، لوگ ٹیکس ریٹرن فائل کرنے سے قاصر ہیں۔ کراچی چیمبر نے گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کا مطالبہ کردیا، مالی سال 2024 کے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

مبینہ مقابلے میں تین ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ سائٹ سپر ہائی وے صنعتی ایریا پولیس نے مقامی ٹیکسٹائل مل کے قریب مبینہ مقابلے میں تین ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کے مطابق 3 ڈاکو سڑک کنارے شہری سے لوٹ مار کررہے تھے کہ پولیس پارٹی موقع پر پہنچ گئی جسے دیکھ انھوں فائرنگ شروع کردی۔ تاہم، پولیس نے تعاقب اور جوابی فائرنگ کے تبادلے میں تینوں ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے 3 پستول، گولیاں، چلیدہ خول، نقدی، چھینا ہوا موبائل فون اور موٹرسائیکل برآمد کرلی۔ پولیس نے زخمی ڈاکوؤں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا جبکہ پولیس ان کی شناخت کے حوالے سے کوششیں کررہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

کے ہیڈ آفس میں قومی ایئرلائن کی نج کاری کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ پی آئی اے کی نج کاری کے معاملے پر پی آئی اے کی سی بی اے پیپلز یونٹی کی جانب سے ہیڈ آفس میں قومی ایئرلائن کی نجکاری کے خلاف احتجاج اور نعرے بازی کی گئی۔ پی آئی اے سی بی اے پیپلز یونٹی کے صدر ہدایت اللہ خان کی سربراہی میں ملازمین نے نعرے بازی کی اور مظاہرین نے پی آئی اے نج کاری نامنظور کے نعرے لگائے۔ مظاہرین نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری کسی صورت منظور نہیں ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

اڈیالہ جیل میں عمران خان نے صحافیوں سے مختصر گفتگو کی، اس دوران صحافی نے ان سے سوال کیا کہ رؤف حسن نے کہا ہے اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات پارٹی پالیسی ہے۔ صحافی کو جواب دیتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ رؤف حسن کو غلط فہمی ہوئی، اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عمران خان نے کہا کہ 8 ستمبر جلسے کے بعد واضح کرچکا ہوں کہ ہم کسی سے مذاکرات نہیں کریں گے۔ اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان رؤف حسن نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ پی ٹی آئی آج بھی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان بات چیت ناگزیر ہے، اس میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

گوٹھ میں فری میڈیکل کیمپ کا اہتمام کیا گیا جس میں علاقے کے غریب اور مستحق افراد کو مفت طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ فری میڈیکل کیمپ میں میڈیکل اسپشلٹ، چائلڈ اسپشلٹ، آئی اسپشلٹ، گائنا کولوجسٹ، جنرل فزیشن، کارڈیالوجسٹ، ڈینٹسٹ اور رینجرز کے ڈاکٹرز نے 750 سے زائد مریضوں جن میں خواتین، بچے اور بزرگ بھی شامل تھے کا طبی معائنہ اور مفت ادویات فراہم کیں۔ میڈیکل کیمپ میں مریضوں کے بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس، ڈینگی / ملیریا ٹیسٹ، ایم پی ایچ پائلوری کے ٹیسٹ، شوگر سی بی سی کے ٹیسٹ، ٹی بی آئی سی ٹی ٹیسٹ، یو پی ٹی ٹیسٹ اور الٹراساؤنڈ بھی کیے گئے۔ فری میڈیکل کیمپ کا مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم سول، سماجی شخصیات اور رینجرز کے اعلی افسران نے دورہ کیا۔ علاقے کے لوگوں نے پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے کیے جانے والے اس اقدام کو سراہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

2024 کے دوران ممکنہ ڈینگی پھیلنے کی وارننگ دی گئی ہے۔ موسمی حالات، جن میں زیادہ نمی اور بارش شامل ہیں، نے ڈینگی مچھر کی افزائش کے لیے موزوں ماحول پیدا کر دیا ہے۔ ڈینگی کے آغاز کا امکان اس وقت ہوتا ہے جب درجہ حرارت 29-26 ڈگری سینٹی گریڈ اور نمی کی سطح 60% سے زیادہ ہو محکمہ موسمیاتیہ صورتحال تین سے پانچ ہفتے تک برقرار رہے گی۔ مزید متاثرہ علاقوں میں 27 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہونے کی صورت میں ڈینگی پھیلنے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ ڈینگی مچھروں کی زیادہ سرگرمی کا وقت سورج طلوع ہونے کے دو گھنٹے بعد اور غروب آفتاب سے دو گھنٹے پہلے ہوتا ہے۔ متاثرہ شہر جن میں ڈینگی کا خطرہ ہے ان میں کراچی، لاہور، پشاور، راولپنڈی، اسلام آباد، حیدرآباد، فیصل آباد، سیالکوٹ، لاڑکانہ اور ملتان شامل ہیں۔ صحت حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان کے مون سون کے بعد بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں بھی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا ہے کہ پیشگی اقدامات کریں تاکہ اس وبا پر قابو پایا جاسکے۔ ڈینگی کنٹرول مراکز اور قومی صحت کی ایجنسیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صورتحال پر نظر رکھیں۔ محکمہ صحت کے مطابق عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ حفاظتی تدابیر اختیار کریں، کھڑے پانی سے بچیں اور اس دوران مچھر کے کاٹنے سے خود کو محفوظ رکھیں تاکہ ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

اختیار کیا کہ کے الیکٹرک کے پاس صرف ڈسٹری بیوشن کا لائسنس ہے، کے الیکٹرک ٹیکس وصولی نہیں کر سکتی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ایم یو سی ٹی چارجز کا نفاذ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے۔ اس پر جسٹس امجد سہتو نے استفسار کیا کہ ایک سسٹم موجود ہے، ادارے بغیر ٹیکس کے کیسے چلیں گے؟ 30 سال سے پی ٹی وی کے پیسے بھی وصول کیے جا رہے ہیں۔ بعدازاں عدالت نے آئندہ ساعت پر وکیل درخواست گزار کو دلائل جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 9 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

درخواستوں پر بازیابی کے لئے اقدامات جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 4 ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ میں لاپتا افراد کی بازیابی کی درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار 80 سالہ بزرگ نے کہا کہ میرا بیٹا حبیب خان دس برس سے لاپتا ہے۔ جے آئی ٹی نے کہا کہ معلوم کریں گے کسی تنظیم سے تعلق ہے یا نہیں۔ اب جے آئی ٹی نے کہا ہے کہ اس کا ذہنی توازن درست نہیں تھا۔ سرکاری وکیل نے موقف دیا کہ جے آئی ٹی نے شہری کو از خود لاپتا قرار دیا ہے۔ شہری کے ساتھ دماغی مسائل بھی ہیں۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو نے ریمارکس دیئے کہ 80 سالہ بزرگ کا بیٹا دس برسوں سے لاپتہ ہے۔ تفتیشی اداروں کی سنجیدگی کا یہ عالم ہے کہ ابھی تک جے آئی ٹی رپورٹ پر دستخط نہیں ہوئے۔ پچھلے 8 برسوں سے تفتیشی افسر نے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رپورٹ تک حاصل نہیں کی۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ڈیفنس کے علاقے سے لاپتا شہری غائب ہونے کے بعد بھی اہلیہ سے رابطے میں تھا۔ شہری کے گھر پر قانون نافذ کرنے والے ادارے نے چھاپہ مارا تھا۔ شہری پہلے ہی گھر سے غائب ہوچکا تھا، چھاپے کے اگلے روز تک شہری اپنی اہلیہ سے رابطے میں تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف دیا کہ بچی کے نانا اور نانی کا کہنا ہے کہ بچی دبئی میں ماں کے پاس ہے۔ بچی کا پاسپورٹ اس کے والد وقار کے پاس ہے۔ نانا سرور اور نانی شمیم کیخلاف اغوا کا مقدمہ درج کرنے کا حکم دیا جائے۔ حورین نام کی بچی جس کی عمر 7 سال ہے 2 جولائی کو کورنگی سے لاپتہ ہوگئی تھی۔ بچی کے والد نے اپنے سسر اور ساس کے خلاف اغوا کا الزام عائد کیا تھا۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپوٹو نے ریمارکس دیئے کہ ایف آئی اے بچی حورین کے پاسپورٹ کی رپورٹ پیش کرے۔ بچی کو بازیاب کروا کے رپورٹ پیش کی جائے۔ عدالت عالیہ نے بچی کے نانا اور نانی کے خلاف مقدمے کی درخواست مسترد کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

واقعہ پیش آگیا۔ اورنگی ٹاؤن تھانے کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر 8 ایل میں واقع قطر اسپتال میں مبینہ طور پر خاتون کو جنسی حراساں کا واقعہ پیش آیا جس کا مقدمہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں درج کرلیا گیا۔ مدعی مقدمہ متاثرہ خاتون نے پولیس کو بتایا کہ میری چار سالہ بیٹی بیمار اور بچہ وارڈ میں داخل تھی 22 ستمبر کی رات ڈھائی بجے بچی کو بخار تیز ہوگیا تھا ڈاکٹر کو بتانے پر ان سے انجکشن منگوایا گیا میں انجکشن لینے جارہی تھی تو دو افراد مجھے پکڑ کر ایک کمرے میں لے گئے جہاں پہلے سے دو افراد موجود تھے چاروں نے مجھ سے دست درازی کی اور عفت میں خلل ڈالا۔ خاتون نے اپنے بیان میں کہا کہ اسپتال کے چوکیدار نے کچھ لوگوں کے ساتھ وہاں آکر مجھے کمرے سے نکالا معلومات کرنے پر دو ملزمان کے نام عمیر اور یاسین معلوم ہوئے ہیں جبکہ دیگر دو افراد کو سامنے آنے پر شناخت کرسکتی ہوں۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

گیا۔ ایس ایس پی کورنگی توحید رحمٰن نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ کورنگی انڈسٹریل ایریا تھانے میں درج کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مدعی نے مقدمے میں موقف اختیار کیا ہے کہ فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہوگیا اور دیگر 2 فرار ہوگئے تھے۔ ایس ایس پی کورنگی توحید رحمٰن نے بتایا کہ زخمی ڈاکو کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے کی سی سی ٹی وی ویڈیو منظر عام پر آگئی ہے، فرار ہونے والے دیگر 2 ڈاکوؤں کو بھی جلد ہی گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

محکمہ پولیس میں ڈی ایس پی 85 اسامیاں دستیاب ہیں۔ کراچی کے مختلف تھانوں میں ایس ایچ او کے فرائض انجام دینے والے کچھ پولیس افسران اپنی ترقی نہیں چاہتے ہیں کیونکہ بحیثیت ایس ایچ او ان کو زیادہ سہولیات میسر ہیں تاہم متعدد سینئر افسران اگلے عہدے پر ترقی چاہتے ہیں۔ ان افسران کی جانب سے اپنی ترقی کے لیے تمام متعلقہ دستاویزات محکمہ کو جمع کرادی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

سبب بچے کی بروقت سرجری نہ ہوسکی۔ اہل خانہ کے مطابق بچے کا دل پیدائشی طور پر جسم سے باہر تھا، بچے کو مختلف اسپتال لے کر گئے، بتایا گیا کہ بچے کا علاج ملک میں ممکن نہیں۔ اہلِ خانہ کا کہنا ہے کہ قومی ادارہ برائے امراضِ قلب میں ہمیں بتایا کہ بچے کی سرجری بیرونِ ملک ہی ممکن ہے۔ قومی ادارہ امراض قلب کے ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر صغیر نے بتایا کہ بچے کی سرجری یہاں ممکن تھی، ایسی 3 سے 4 سرجریز کرچکے ہیں، بچے کی سرجری سے متعلق اہلِ خانہ کو کس نے منع کیا تھا اس حوالے سے معلومات لی جارہی ہیں۔ دوسری جانب کنسلٹینٹ کارڈیولوجسٹ ڈاکٹر اکرم کا کہنا ہے کہ جسم سے باہر دل رکھنے والے بچوں کے کیسز بہت کم دیکھنے کو ملتے ہیں، پاکستان میں پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی تعداد بہت کم ہے، پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی کمی کی وجہ سے پیچیدہ سرجریز ملک میں ریفر نہیں کی جاتیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

4 سالہ بیٹے دانش میں پولیو وائرس کا شبہ ظاہر کیا جارہا ہے، معصوم بچے کی دونوں ٹانگیں کمزور ہوچکی ہیں اور وہ چلنے پھرنے سے مفلوج ہوگیا ہے، بچے کے والد غلام مصطفیٰ لاشاری کے بتایا کہ میرے بیٹے کو دو ماہ سے چلنے پھرنے میں تکلیف ہورہی ہے بیٹے کو مقامی اسپتال لیکر گیا جہاں ڈاکٹر نے بیٹے میں پولیو وائرس کا شبہ ظاہر کیا ہے، متاثرہ بچے کے والد نے مطالبہ کیا کہ محکمہ صحت کی ٹیم بھیج کر میرے بیٹے کے ٹیسٹ کر کے علاج کرایا جائے۔ اس سلسلے میں رابطہ کرنے پر تعلقہ پولیو افسر امیر علی سرکی نے بتایا کہ بچے کے متعلق معلومات حاصل کرلی ہیں 27 ستمبر کو محکمہ صحت اور پولیو کی ٹیم متاثرہ بچے کے گھر جائیں گی جہاں بچے کا معائنہ کیا جائے گا اور ضرورت پڑی تو ٹیسٹ کے لیے نمونے بھی لیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ ماحولیاتی سروے کے دوران جیکب آباد کے گٹر کے پانی میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق بھی ہوچکی ہے اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) اسلام آباد نے پولیو وائرس کی موجودگی کی رپورٹ جاری کی ہوئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

بے تحاشہ مواقع ہیں جنہیں ہم ضائع کررہے ہیں، یہ ہماری بدنظمی کی نظر ہورہے ہیں، ہم نے سب کچھ تباہ و برباد کردیا ہے، ہمیں اس کی زمہ داری لینی ہوگی۔ ہمارے حالات بدلنے کیلئے آسمان سے فرشتے نہیں آئیں گے۔ طلبا وطالبات کو دیکھ کر امید بڑھتی ہے کہ ہمارا مستقبل روشن ہے لیکن آج ہر طرف اور ہر شعبے میں خرابی عیاں ہے۔ جس سے پاکستان کی معیشت بھی متاثر ہے۔ ہم کئی ہزار ارب کے قرض دار ہیں۔ اربوں روپے کے قرض پر صرف اس سال جو ہم سود دے رہے ہیں وہ تقریبا ساڑھے نو ہزار ارب روپے ہے جو کہ ہمارے پورے بجٹ کا 52 فیصد بنتا ہے۔ ڈرائیونگ سیٹ آئے گی تو اس شہر سمیت ملک کو ٹھیک کردیں گے، انکا کہنا تھا کہ وہ سینٹر بنے، وزیر رہے، میئر کراچی منتخب ہوئے لیکن ایک روپیہ کبھی حرام نہیں کمایا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ کراچی میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام ''جشن اردو'' کے سلسلے میں منعقدہ مشاعرے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مشاعرے میں مصطفیٰ کمال، فاروق ستار اور امین الحق سمیت ایم کیو ایم پاکستان کے دیگر رہنماں اور انچارج اے پی ایم ایس او حافظ شہریار نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال کا مزید کہنا تھا کہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن کے زیراہتمام یہ جشن اردو ایک سوشل گیدرنگ ہے، یہاں ماحول اچھا ہے لیکن جب یہاں سے جائیں گے تو لوڈ شیڈنگ ملے گی، پینے کا پانی، گیس نہیں ہوگی، جس سڑک سے جائیں گے وہ سلامت نہیں ہوگی۔ لوگ کہتے ہیں صرف اس نے چوری نہیں کی جسے موقع نہیں ملا لیکن ہمیں ڈکیتی کا موقع ملا اور ہم نے ایک روپیہ حرام نہیں کمایا۔ ایماندار اور باکردار لیڈرز ہی تمام مسائل کا حل ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

درآمد نہ کرنے کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ امیر جماعت نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 29 ستمبر اتوار کو پورے ملک کی اہم شاہراہاں پر دھرنے دے گی۔ حکومت نے راولپنڈی معاہدہ پر عملدرآمد نہیں کیا اور میڈیا کے سامنے قوم کے سامنے غلط بیانی کی۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکمرانوں نے گزشتہ 45 روز میں چند کاسمیٹک اقدامات کیے جب کہ یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ معاہدہ پر مکمل عملدرآمد ہوگا، جماعت اسلامی ان اقدامات کو تسلیم نہیں کرتی، ہمارا مطالبہ ہے کہ پورے ملک کی عوام کو بجلی کے بلوں پر فوری ریلیف دیا جائے اور اصل پیداواری لاگت کے مطابق پورے ملک میں بجلی کا یکساں ٹیرف نافذ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح آئی پی پیز معاہدوں کو بھی ختم کیا جائے، حکومت آئی پی پیز سے معاہدہ کے متعلق اخباری بیانات دینے کی بجائے عملی اقدامات اٹھائیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا جماعت اسلامی بجلی کے بلوں کے بائیکاٹ پر ریفرنڈم کرائے گی۔ اکتوبر میں پہیہ جام ہڑتال اور اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے آپشن بھی زیرغور ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ 23 سے 27 اکتوبر تک پانچ روز تک عوامی ریفرنڈم ہوگا، اس دوران دوران تمام پبلک مقامات پر ووٹ بکس رکھے جائیں گے، ریفرنڈم کے لیے تمام صوبوں میں الیکشن کمیشن تشکیل دیے جائیں گے جبکہ وکلا، تاجروں، علما اکرام، خواتین، طالب علموں، مساجد، مدارس سمیت تمام طبقہ ہائے فکر سے رابطے کیے جائیں گے۔ اس کے بعد اس کے بعد پہیہ جام کا اعلان کر سکتے ہیں، ملک بھر سے لانگ مارچز اور اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا آپشن بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے 7 اکتوبر کو غزہ پر اسرائیلی جارحیت کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک بھر میں ہفتہ یکجہتی فلسطین ولبنان منانے کا بھی اعلان کیا۔ اسی دوران اسلام آباد اور کراچی میں ملین مارچز ہوں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اہل فلسطین و لبنان کے حق میں گھروں سے نکلیں اور پرامن احتجاج کریں۔ امیر جماعت نے کہا حکومت جعلی مینڈیٹ سے بنی مگر اب جب کہ یہی لوگ مسلط ہیں تو عوامی ریلیف کے حصول کے لیے انہیں ہی مجبور کیا جائے گا، عوام کا پیمانہ صبر جواب دے چکا ہے، یہ لاوا کسی وقت بھی پھٹ سکتا ہے۔ جماعت اسلامی انارکی نہیں چاہتی اسی لیے عوام کو منظم کرکے پرامن احتجاج کا راستہ اختیار کیا ہے۔ انہوں نے جماعت اسلامی کی قیادت اور کارکنان کو ہدایات جاری کیں کہ شاہراں پر دھرنے کے لیے عوام کو مکمل یکسوئی کے ساتھ موبلائز کیا جائے۔ جماعت اسلامی نے عوام کے حقوق کے لیے حق دو تحریک کا آغاز کیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور بجلی و گیس کے بلوں، پٹرول کی قیمتوں پر عوام کو فوری ریلیف دے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئی پی پیز معاہدے ختم کرے، جاگیرداروں پر ٹیکس لگائے اور تنخواہ دار طبقہ اور تاجروں کو ٹیکس میں ریلیف دے، اسی طرح حکمران اپنی عیاشیاں اور مراعات ختم کریں اور سود کی شرح کو بتدریج کم کیا جائے۔ ان اقدامات سے ہونے والی اربوں روپے کی بچت کو بجلی کے بلوں میں کمی کے لیے استعمال کیا جائے۔ پٹرول کی قیمت کو عالمی منڈی کے مطابق لایا جائے اور پٹرولیم لیوی ختم کی جائے، حکومت کو عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی سے کم وبیش 25 ارب ڈالر کا فائدہ امپورٹ بل کی صورت میں حاصل ہوا ہے، اس فائدہ سے عوام کو ریلیف ملے تو پٹرول کی قیمت 150 روپے فی لٹر تک آجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی تحریک کا مقصد جمہوری آزادیاں، بچوں کی تعلیم، عوام کے لیے صحت کی سہولتوں کی دستیابی، انصاف کی فراہمی، الیکشن اور لینڈ اصلاحات، خواتین کیلیے وراثت کے حق، نوجوانوں کے لیے روزگار اور دیگر عوامی ریلیف کے اقدامات ہیں۔ حافظ نعیم نے بتایا کہ تحریک کا دائرہ کار وسیع کرنے کے لیے ملک گیر ممبرشپ کمپین بھی شروع کی ہے جسے بھرپور عوامی پذیرائی مل رہی ہے، حق دو تحریک کا اولین مقصد عوام کے لیے بجلی بلوں پر ریلیف ہے، دیہات، تعلیم گاہوں میں رابطے کریں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی ختم ہوچکی ہے پہلے آئین پر حملے کئے جاتے تھے اب آئین میں ترامیم کرکے آئین توڑنے کی سازش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا عام انتخابات میں عوام نے ووٹ کے ذریعے جو پی ٹی آئی کو مینڈیٹ دیا تھا وہ ہمارا مینڈیٹ چوری کرکے حکمرانوں کی صورت میں ایک چوروں کے گروہ کو دیگر عوام پر مسلط کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا جعلی مینڈیٹ سے بننے والی حکومتیں عوام کا معاشی قتل عام کروارہی ہیں دو سالوں میں مہنگائی دو سو فیصد تک بڑھ چکی ہیں بجلی، گیس، پیٹرول، ڈالر سمیت روزمرہ کی ہر چیز مہنگی ہوکر رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا نااہل حکمرانوں کی وجہ سے غریب عوام کے چولہے بھی ٹھنڈے پڑ چکے ہیں عوام کو دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کپڑے بیچ کر عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے والے جعلی مینڈیٹ والے وزیراعظم نے مہنگائی سے عوام کے ہی کپڑے اتروادیے ہیں۔ انہوں ل نے کہا ایک طرف آئین کو نہیں مانا جارہا ہے دوسری جانب عدلیہ کو بھی قید رکھنے کی سازشیں کی جارہی ہیں۔ اپنے ذاتی مفادات کے خاطر ملک وقوم کا سودہ کرنے والے ملک دشمن ہیں قوم انہیں کبھی بھی معاف نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا اس وقت پورے قوم کی امیدیں صرف عمران خان میں ہیں عمران خان کو جیل میں رکھ کر ملک نہیں چل سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے قرضے کے بوجھ تلے عوام کو ڈالا جارہا ہے۔ انہوں ل نے کہا حقیقی کی آزادی کی تحریک اب انقلاب کی صورت اختیار کرچکی ہے۔ انہوں ل نے مزید کہا 28 ستمبر کو راولپنڈی کا جلسہ تاریخی ثابت ہوگا راولپنڈی جلسی میں سندھ کے ہر شہر سے کارکناں بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ انہوں ل نے کہا عمران خان کو فوری طور پر رہا کرکے چورہ شدہ مینڈیٹ واپس کیا جائے اور عدلیہ اور میڈیا کو آزاد کیا جائے تاکہ عدل انصاف کی فراہمی بلا تعطل جاری رہ سکے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

میں سابق ڈائریکٹر ڈاکٹر اقبال چوہدری، ڈاکٹر عطا الرحمن اور سرمایہ دار نادرہ پنجوانی اور عزیز جمال کی انتظامی معاملات میں بے جا مداخلت کا ارباب اختیار سختی سے نوٹس لیں۔ وائس چانسلر الفور جامعہ کراچی کے سینٹ کا اجلاس طلب کرکے آئی سی سی بی ایس سمیت جامعہ کے تمام سینٹرز پر ماڈل اسٹیچوٹس کے نفاذ کو یقینی بنائیں۔ یہ بات جامعہ کراچی سنڈیکیٹ کے رکن ڈاکٹر ریاض احمد، رکن سینٹ پروفیسر ڈاکٹر فردوس عمران، آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری فیصل ہاشمی، ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے نمائندہ افتخار احمد، وائس آف سینٹرز کے ڈاکٹر فیض محمد، آئی سی سی بی ایس ایکشن کمیٹی جامعہ کراچی کے ڈپٹی کنوینئر محمد علی کاظمی اور سفیر محمد نے بدھ کو اسٹاف کلب میں منعقدہ اجلاس میں اپنے خطاب کے دوران کہی۔ اس اجلاس میں آئی سی سی بی ایس کے اساتذہ، افسران اور ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈاکٹر ریاض احمد نے یونیورسٹی کے انتظامی معاملات میں ریٹائر پروفیسروں اور سرمایہ داروں کی بے جا مداخلت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس مداخلت سے ریسرچ سینٹر کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کو نقصان پہنچ رہا ہے جبکہ فیکلٹی، اسٹاف اور طالب علم شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج کے ذریعے اساتذہ، افسران اور ملازمین اپنے دیرینہ مسائل ارباب اختیار تک پہنچا سکتے ہیں، آئی سی سی بی ایس کے سابق ڈائریکٹر ڈاکٹر اقبال چوہدری اپنی 22 سالہ غیر قانونی ڈائریکٹرشپ میں اساتذہ، ملازمین اور افسران کا مسلسل استحصال کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کے موجودہ سنگین حالات کے ذمہ دار خود وائس چانسلر ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

کا مطالبہ، شہری کی طرف سے پیسے نہ دیے جانے پر شہری کو فٹبال بنا دیا، متاثرہ شہری ایک افسر سے دوسرے افسر کے دفتر کے چکر لگا تا رہا، تفصیلات کے مطابق ضلع کورنگی کے تھانہ زمان ٹاؤن کی حدود میں مانا، چھوٹا بلو، شانی، فیصل، بابر، تنویر اور واحد مورخہ 13 ستمبر کی صبح سیکٹر 50/اے کے رہائشی محمد عادل کی دکان میں گھسے اور دکان کے تالے توڑ کر اس کی تین بکریاں اور دو بکرے چوری کر کے لے گئے، متاثرہ شخص واقعے کی اطلاع دینے کیلیے فوری طور پر پولیس چوکی تصویر محل پہنچا، لیکن چوکی انچارج نے شکایت سنے بغیر درخواست گزار کو تھانے جانے کی ہدایت کی، جس پر عادل تھانے پہنچا، اور اپنی درخواست جمع کرائی، درخواست وصول کرنے کے بعد ڈیوٹی افسر نے ملزمان کو پکڑنے کی ذمہ داری بھی متاثرہ شخص پر ڈال دی اور کہا کہ ملزمان نظر آنے پر پولیس کو مطلع کرے، متاثرہ شخص کو جیسے ہی ملزمان نظر آئے تو وہ دوبارہ تھانے پہنچا اور ڈیوٹی افسر اظہر کو ملزمان کی موجودگی کی اطلاع دی، جس پر ڈیوٹی افسر اظہر نے متاثرہ شخص سے 5 ہزار روپے مانگے، لیکن متاثرہ شخص نے پیسے دینے سے انکار کردیا، جس پر اظہر نے متاثرہ شخص کو اپنے آفس سے نکال دیا اور کمپلین انچارج یونس جٹ کے پاس جانے کو کہا، جب متاثرہ شخص اپنی دادرسی کیلئے یونس جٹ کے پاس پہنچا تو اس نے بھی پیسوں کا مطالبہ کیا اور پیسے نہ دینے پر بدتمیزی شروع کردی اور سنتری کو کہہ کر متاثرہ شخص کو تھانے سے نکلوادیا، یہ واقعہ تھانہ زمان ٹاؤن کے ایس ایچ او عتیق الرحمان کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، کہ ان کو خبر ہی نہیں کہ ان کے تھانے کا عملہ اپنی داد رسی کیلئے آنے والے سائلین سے رشوت بٹورنے میں مصروف ہے اور رشوت نہ دینے والے سائلین کو تضحیک کا نشانہ بنارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

جائیں، سود کی لعنت کو ختم کرنے کیلئے حکومت، اعلی عدلیہ کو شرعی عدالت کی طرح کردار ادا کرنا ہوگا، ملک سے سودی نظام کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں، سود پر قرضے لینا اور دینا اللہ کے عذاب کو دعوت دینے کے مترادف ہے، ملک کو ٹیکسز مافیاز کے حوالے کرکے غریبوں کا خون وپسینہ نچوڑا جارہا ہے، حکومت ہر طریقے سے غریب سے جینے کا حق چھینے پر گامزن نظر آرہی ہے، عوام کو مہنگائی کی دلدل سے نکالنے کی بجائے نت نئے ٹیکسز کی بوچھاڑ جمہوری قدروں کے منافی عمل ہے، عوام کو ریلیف دینے کی حکومتی سوچ لگتا ہے ختم ہوگئی ہے، غربت کو ختم کرنے کی بجائے غریب کو ختم کرنے پالیسیاں مرتب کی جارہی ہیں، عوام کو جمہوری و آئینی حقوق سے محروم کرنا حکومت بتائے کس زمرے میں آتا ہے، ملک میں آزاد کشمیر جیسے حالات پیدا کئے جارہے ہیں، آزاد کشمیر کے عوام نے اپنی جدوجہد سے مطالبات منوائے پاکستان کے عوام کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے اُٹھ کھڑے ہوں، پاکستان سنی تحریک غریبوں، کسانوں، مزدوروں اور تاجروں کے حقوق کیلئے ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز اہلسنت سے جاری ایک بیان میں کیا، محمد شاداب رضا نقشبندی کا کہنا تھا کہ جمہوریت کو مضبوط کرنا ہے تو غریبوں کو ریلیف اور مہنگائی کو ختم کرنا ہوگا، پوری دنیا میں بجلی و گیس اور پیٹرول پاکستان میں سب سے زیادہ نرخوں پر فروخت ہورہے ہیں، حکومت ایسے فیصلوں سے اجتناب کرے جس سے غریبوں کو شدید معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، انہوں کا کہنا تھا کہ غریب عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے رہینگے، پاکستان کو مضبوط و مستحکم دیکھنا چاہتے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ وہ بھی غریبوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرئے اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے اقدامات کرئے، حکومت کے معاشی استحکام اور غریبوں کو ریلیف دینے جیسے مثبت فیصلوں کا بھرپور ساتھ دینگے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

فورس بریگیڈیئر عمر فاروق نے منشیات کے عادی افراد کے علاج کیلئے کئے گئے اقدامات سے گورنر سندھ کو آگاہ کیا، انہوں نے مزید بتایا کہ ساڑھے نو ہزار مریضوں کی ویٹنگ لسٹ ہے گنجائش نہ ہونے کے باعث سب کا علاج کرنا ممکن نہیں۔ گورنر سندھ نے ذاتی حیثیت میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ مخیّر حضرات سے سینٹر کے مختلف شعبوں میں معاونت فراہم کرنے کے لیے بات کروں گا۔ گورنر سندھ نے سینٹر میں موجود بچوں کے ساتھ گھل مل گئے اور لوڈو بھی کھیلا، گورنر سندھ نے سینٹر میں داخل لوگوں کو گورنر ہاؤس کا دورہ کرانے کا اعلان بھی کیا۔ بعدازاں گورنر سندھ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے اس سے چھٹکارہ دلانا قومی مشن ہے، بزرگ، نوجوان، خواتین اور مرد سب کو نشے کی عادت سے چھٹکارے کیلئے بہترین علاج کی سہولت دی جارہی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کے ہر فرد کو اس عظیم کام کو سرانجام دینے کیلئے ساتھ دینے کی ضرورت ہے، ری ہیبلیٹیشن سینٹرز کیلئے مزید جگہ دینی ہوگی اس ضمن میں مخیّر حضرات بھی آگے بڑھیں، گورنر ہاؤس سے اس عظیم کام کو سرانجام دینے کیلئے معاونت فراہم کرینگے۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ جو لوگ علاج کے بعد زندگی کی طرف واپس آرہے ہیں ان کو معاشرے میں عزت دینی ہوگی، منشیات کی لعنت سے چھٹکارہ پانے والوں کے لئے باعزت روزگار فراہم کرنا اور معاشرے میں انکی قبولیت لازم ہے۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر سندھ نے کہا کہ منشیات کے کاروبار کے پیچھے بڑی بڑی مافیاز ہیں، اینٹی نارکوٹکس فورس اپنا کام کررہے ہیں لیکن چیلنجز بہت زیادہ ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے میں اس زہر کو پھیلنے سے روکنے کیلئے سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

کوکین اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بنادی۔ ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اے این ایف نے کوکین کی اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش کو کامیابی سے ناکام بناتے ہوئے 48 منشیات سے بھرے کیپسول لے جانے والے ایک مشتبہ سمگلر کو گرفتار کرلیا۔ ملزم انگولا افریقی باشندہ ہے اور مسقط سے آ رہا تھا۔ ملزم کے پیٹ سے کوکین بھرے 48 کیپسول برآمد ہوئے، ہر کیپسول کا وزن 13 گرام تھا، کوکین کی کل مقدار 624 گرام تھی۔ رپورٹ کے مطابق رواں سال پاکستان میں منشیات اسمگل میں گرفتار غیرملکی شہریوں کی بڑی تعداد افریقی ممالک سے ہے۔ 2024 میں زیادہ غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کیا گیا ہے، جو سرحد پار منشیات کی اسمگلنگ میں بڑھتے ہوئے رجحان کا باعث ہیں۔ منشیات اسمگلر غیر قانونی منشیات کی سمگلنگ کے لیے نت نئے اور خطرناک طریقے اپناتے رہتے ہیں جس سے معاشرے کو شدید خطرہ لاحق ہے۔ منشیات کو جسم کے اندر چھپانے جیسے ہتھکنڈے نہ صرف اسمگلروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں بلکہ دنیا بھر کی کمیونٹیز کے لیے تباہ کن نتائج بھی دیتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

بڑی پیش رفت ہوئی ہے اور کے ایم ڈی سی ملازم کو ٹکر مارنے والی گاڑی ن لیگ کے کارکن کی نکلی۔ تفصیلات کے مطابق یونیورسٹی روڈ پر ہٹ اینڈ رن کیس میں ہونے والی پیش رفت میں انکشاف ہوا ہے کہ کے ایم ڈی سی ملازم کو جس کار نے ٹکر ماری تھی وہ ن لیگ کے کارکن کی ہے۔ واقعے میں ملوث ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس نے گلشن جمال میں چھاپہ مارا۔ جس گھر پر چھاپہ مارا گیا، وہ سندھ پولیس کے ریٹائرڈ افسر اور ان کے بھائی جو پیشے لے لحاظ سے ڈاکٹر ہیں، ان کا مشترکہ گھر نکلا۔ پولیس ٹیم جب گھر پہنچی تو ملزم ریحان مصطفیٰ کے والد نے ٹیم کو گھر کی تلاشی سے روک دیا اور اپنا تعارف ایک ڈاکٹر کے طور پر کراتے ہوئے کہا کہ وہ ملزم کے والد ہیں جب کہ ان کا بیٹا اپنے چچا ریٹائرڈ ڈی ایس پی کے ساتھ حیدرآباد گیا ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی ہے کہ جیسے ہی ریحان کراچی آئے گا، وہ اپنے بیٹے اور گاڑی دونوں کو لے کر خود تھانے آئیں گے۔ واضح رہے کہ ملزم کے والد ڈاکٹر اور چچا ریٹائرڈ ڈی ایس پی ایک ہی گھر میں اوپر نیچے کی منزل پر رہائش پذیر ہیں۔ دریں اثنا ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے کے وقت مذکورہ کار میں دو لڑکیاں بھی موجود تھیں، جو حادثہ ہوتے ہی گاڑی سے اتر کر پیدل بھاگ گئی تھیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اس کار حادثے میں زخمی اطہر کا رکشے کے ذریعے اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں اس کی حالت انتہائی تشویشناک ہونے کے بعد وینٹی لیٹر پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ حادثہ دو روز قبل پیش آیا تھا۔ حادثے میں زخمی اطہر دو بچوں کا باپ ہے جو کوما میں جاچکا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

نے ناقص سکیورٹی اور تشدد کے بڑھتے واقعات کے خلاف او پی ڈی کا بائیکاٹ کرکے احتجاج کیا۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ انتظامی غفلت کے باعث تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت اطفال میں ڈاکٹروں، نرسز اور طبی عملے نے او پی ڈیز کا بائیکاٹ کرتے ہوئے اسپتال میں بڑھتے ہوئے تشدد کے خلاف احتجاج کیا۔ ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ حالیہ دنوں میں مریضوں کے تیمارداروں کی جانب سے طبی عملے کو ہراساں کیا گیا۔ خاص طور پر ایک دن میں متعدد واقعات پیش آئے۔ انہوں نے اسپتال کی سکیورٹی کو ناکافی قرار دیتے ہوئے تشدد کے واقعات کے خلاف قانونی کارروائی اور اضافی سکیورٹی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ عملے نے کہا کہ ادویات، بیڈز، وینٹی لیٹرز اور عملے کی کمی کی وجہ سے ڈاکٹروں کو مشکلات کا سامنا ہے اور وہ چندے جمع کر کے مریضوں کا علاج کرنے کی کوشش کررہے ہیں، لیکن ان مسائل کی وجہ سے لواحقین اکثر مشتعل ہوکر تشدد پر اتر آتے ہیں۔ ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز تھامے مظاہرین نے اسپتال کی ناقص سکیورٹی اور انتظامی غفلت پر شدید نعرے بازی کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

خواتین گینگ گرفتار وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نقوی کی ہدایات پر انسانی سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل ملتان نے انسانی سمگلنگ اور منشیات کی سمگلنگ میں ملوث 2 خواتین ملزمان کو گرفتار کرلیا ملزمان کی شناخت کنول مشتاق اور نرگس مشتاق کے نام سے ہوئی گرفتار خواتین ملزمان نے سونیا اور شکیل نامی شہریوں کو ملازمت کی غرض سے عمرہ ویزہ پر سعودی عرب بھیجا مذکورہ شہریوں کے سامان سے منشیات برآمد ہونے پر سعودی حکام کی جانب سے دونوں شہریوں کو 25 سال قید کی سزا سنائی گئی سعودی عرب میں قید کے دوران خاتون ملزمہ کی سعودی عرب میں ہی موت واقع ہوئی گرفتار خواتین سمگلرز غیر قانونی سمگلنگ اور ٹریفکنگ کی سرگرمیوں کے حوالے سے عادی ملزمان ہیں ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے

بقیہ روزنامہ تشکر 39

مرتضیٰ وہاب کو میئر کراچی بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے کراچی میں تعمیر وترقی کے عمل کے حوالے سے نیک خواہشات کا اظہار کیا، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ امریکہ کے شہر ہوسٹن کو کراچی کا جڑواں شہر قرار دیا جاچکا ہے، میئر کراچی نے کہا کہ کراچی پاکستان کا اقتصادی مرکز اور سب سے بڑا شہر ہے جہاں کئی صنعتی زونز اور بین الاقوامی ہوائی اڈا اور دو بڑی بندرگاہیں موجود ہیں، وقت گزرنے کے ساتھ کراچی کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہوا ہے جبکہ یہاں کاروبار اور سرمایہ کاری کے پرکشش مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں، جنہوں نے اس شہر کی صنعتی وکاروباری سرگرمیوں میں بے پناہ اضافہ کیا ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ کراچی کو دنیا کے تمام بڑے میٹروپولیٹن شہروں کی طرح سیاسی اور انتظامی چیلنجز کا بھی سامنا کرنا پڑا ہے، کراچی کا ماسٹر پلان نہیں ہے اور آبادی کا بے انتہا دباؤ ہے، ترجیحی مسائل میں فراہمی ونکاسی آب، صحت وصفائی، ٹرانسپورٹ، تعلیم اور انفراسٹرکچر کی ترقی شامل ہیں جن کے حل پر موجودہ حکومت بھرپور توجہ دے رہی ہے اور کراچی کے مختلف اضلاع میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ کراچی میں فراہمی آب کی پائپ لائنوں کا نظام پچاس سال پرانا ہے جبکہ اس دوران شہر کے پھیلاؤ اور آبادی میں بے تحاشا اضافہ ہوچکا ہے، کراچی میں پانی کی کمی کو دور کرنے کے لئے حب کینال پروجیکٹ پر کام جاری ہے جبکہ پانی کی ڈی سیلی نیشن کا عمل بھی شروع کردیا گیا ہے جس سے انڈسٹریل زونز میں پانی کی ضروریات پوری ہوسکیں گی، بلدیہ عظمیٰ کراچی کا 80 سے 90 فیصد بجٹ تنخواہوں اور الاؤنسز پر خرچ ہوجاتا ہے، عوام کی جانب سے میونسپل ٹیکس کی ادائیگی سے ترقیاتی کاموں کو انجام دینے میں مدد ملی ہے، بلدیہ عظمیٰ کراچی کو مستحکم ادارہ بنانے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں تاکہ شہریوں کو بہتر اور معیاری بلدیاتی سہولیات فراہم کی جاسکیں، انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت سے عمدہ ورکنگ ریلیشن شپ کے باعث کراچی کے کئی ترقیاتی منصوبوں میں صوبائی حکومت مدد کررہی ہے، بلدیہ عظمیٰ کراچی کی منتخب کونسل کے 365 ارکان میں پیپلز پارٹی کو اکثریت حاصل ہے، پہلی مرتبہ سٹی کونسل میں خواجہ سراؤں کو بھی نمائندگی دی گئی ہے، میئر کراچی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی معیشت کی بہتری چاہتی ہے اور لبرل سوچ کی حامل سیاسی جماعت ہے جسے عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہے، کراچی میں اقلیتوں کو مکمل حقوق دیئے گئے ہیں اور سب کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے، امریکہ کے قونصل جنرل اسکاٹ اربام (Mr. Scott Urbom) نے کہا کہ پاکستان میں میری پہلی بار تعیناتی ہوئی ہے اور مجھے کراچی آکر اچھا لگا، پاکستان اور امریکہ کے دیرینہ دوستانہ تعلقات ہیں، متعدد شعبوں میں امریکہ پاکستان کو بھرپور معاونت فراہم کررہا ہے جس کی بدولت آنے والے دنوں میں دونوں ملکوں کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور باہمی تعاون کی نئی راہیں ہموار ہوں گی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے بلدیہ عظمیٰ کراچی آمد پر امریکی قونصل جنرل کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ امریکی قونصلیٹ کے ساتھ مستقبل میں بھی رابطہ اور تعاون جاری رہے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

احترام ہیں جتنے فائز عیسی ہیں۔ پیپلز پارٹی آئینی عدالت کی حمایت کرتی ہے تاکہ لوگوں کو جلد انصاف فراہم کیا جائے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں عدالتوں سے شکوے ضرور ہیں مگر ہم نے عدالتوں پر حملے نہیں کیے، ہم نے عدالت کے خلاف کوئی تحریک نہیں چلائی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ باقی تمام جماعتوں نے یہ تمام تجربات کیے ہیں، ڈی چوک میں پی ٹی آئی نے کئی مرتبہ عدالتوں کو دھمکیاں دیں، بے نظیر بھٹو نے عدلیہ پر اعتبار کیا مگر انہیں کوئی ریلیف نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ چور دروازے سے سازش کرکے اقتدار میں آئے، ہم چاہتے ہیں کہ عدلیہ غیر سیاسی اور متحد رہے، پی ٹی آئی نے جو عدالت سے نہیں مانگا وہ بھی اسے دیا جاتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما شرجیل میمن نے کہا کہ شہید بی بی کا مطالبہ تھا کہ آئینی عدالتیں بنائی جائیں تاکہ لوگوں کو وقت پر انصاف ملے، پیپلز پارٹی ہمیشہ آئینی عدالتوں کی حمایت میں رہی ہے، کبھی نہ کبھی مسئلوں کو حل کرنا ہوتا ہی ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ہر دور میں عدالتی اصلاحات کی بات کی گئی ہے، آئینی عدالت میں تمام صوبوں کی نمائندگی ہوگی، چیف جسٹس ہر صوبے سے ہوگا، یہاں ہر کوئی اپنا کام چھوڑ کر دوسرے کا کام کرتا ہے، ایک جج ڈیم بنا رہا تھا کوئی پوچھے تو کیوں یہ کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ سال کے تمام دنوں میں ایکسپو سینٹر میں نمائشیں ہوتی رہیں، پورے ملک سے لوگ ایگزیبیشنز میں آئیں اور انہیں کامیاب بنائیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ہمارا زرعی سیکٹر بھی توانائی کی وجہ سے مسائل سے دوچار ہے، ایکسپو سینٹر میں 80 فیصد اسٹالز غیر ملکی کمپنیوں کے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

ممکن تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتکار برادری کو سیکورٹی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ صنعتکار برادری کو پُرامن ماحول فراہم کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (نکاٹی) کے صدر فیصل معیز خان، چیف سی پی ایل سی زبیر حبیب، سینئر نائب صدر نکاٹی شبیر اسماعیل، نائب صدر نعیم حیدر، ڈپٹی چیف سی ایم سی نکاٹی سید یاسر علی اور اسسٹنٹ چیف سی ایم سی شہزاد الٰہی پر مشتمل وفد سے ملاقات کے موقع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔ نکاٹی کے صدر فیصل معیز خان نے ایڈیشنل آئی جی کو نارتھ کراچی صنعتی ایریا سیکورٹی کی غیر تسلی بخش صورتحال سے آگاہ کیا اور دیرپا امن وامان کے قیام کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کرائم مانیٹرنگ سیل کو اضافی نفری فراہم کرنے پر ایڈیشنل آئی جی کراچی کو صنعتکار برادری کی جانب سے تعاون پیش کرتے ہوئے کہا کہ صنعتیں ترقی کریں گی تو ملک ترقی کرے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صنعتکار برادری کو سازگار ماحول فراہم کرنے سے یقینی طور پر پیداواری سرگرمیاں بڑھیں گی اور برآمدات کو فروغ ملے گا جس سے ملک کو سنگین معاشی بحران اور خسارے سے نکالنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

کا انعقاد کیا گیا جس میں سکھر میونسپل کارپوریشن و سندھ سالڈ ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے افسران مختیارکار سکھر سٹی بابر بلو، سکھر میونسپل کارپوریشن کے افسران بشمول افضل چنہ، میمبر میونسپل کارپوریشن میڈم عذرہ جمال، شہری و سول سوسائٹی کے ممبران، مختلف اسکولوں کے طلباء و طالبات، سماجی تنظیموں کے سربراہان ومیڈیا کے نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء ریلی نے پلے کارڈ و بینرز اٹھا رکھے تھے اس موقع پر شرکاء ریلی سے خطاب ومیڈیا سے گفتگو کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سکھر سٹی میڈم ثوبیہ فلک راو کا کہنا تھا کہ صفائی نصف ایمان ہے، ہمیں اپنے اداروں کے ساتھ مل کر اپنے شہر کو صاف ستھرا بنانے میں اپنا عملی کردار کرنا ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسسٹنٹ کمشنر آفس کا پورا عملہ سندھ سالڈ ویسٹ کی ٹیم کے ساتھ مرحلہ وار سٹی کی تمام یوسیز کا دورہ کر کے صاف وشفاف سکھر بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریگا جبکہ سندھ سالڈ ویسٹ اینڈوربنس کیپراجیکٹ ڈائریکٹر عثمان بٹ کا کہنا تھا کہ سکھر کی ہر گلی محلے میں مرحلہ وار صفائی کی جائے گی اور سکھر کو ماڈل شہر بنانے کے لئے ہمیں شہریوں کے ساتھ کی ضرورت ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

سے زیادہ سے زیادہ اختیارات کی لالچ اور ذاتی مفادات کی کشمکش اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے اور اس مقصد کے لئے انہوں نے ادارہ کے دیانتدار اور فرض شناس افسران کے خلاف بلیک میلنگ کے مختلف حربے استعمال کرتے ہوئے ای او بی آئی کے مختلف واٹس ایپ گروپوں میں ان کی کردار کشی کرتے ہوئے منفی پروپیگنڈے اور جعلی خبریں پھیلا رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کسٹمز حکام نے بینکاک سے کراچی کیلئے بک کرائے گئے پارسل میں سے 50 لاکھ روپے مالیت کی آدھا کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ حکام کا کہنا ہے کہ انٹرنیشنل میل آفس کراچی ایئرپورٹ پر پارسل آیا جس پر ڈیفنس کراچی کا پتہ درج تھا، ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز کا کہنا ہے پارسل کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

میں دورکنی بینچ نے ارشد پپو قتل کیس میں گینگ وار سرغنہ عزیر بلوچ کے بھائی زبیر بلوچ سمیت دیگر کی درخواست ضمانت کی سماعت کی۔ سرکاری وکیل نے موقف دیا کہ مدعیہ مقدمہ کو نوٹس جاری کیا تھا۔ مدعی مقدمہ ارشد پپو کی اہلیہ نے رہائش تبدیل کرلی ہے۔ نوٹس مدعی مقدمہ کو موصول نہیں ہوسکا ہے۔ وکیل صفائی نے موقف اپنایا کہ ٹرائل کورٹ میں تفتیشی افسر کی رپورٹ پہلے سے موجود ہے کہ مدعی نہیں مل رہی ہے۔ عدالت نے تفتیشی افسر کو مدعی مقدمہ کی تلاش جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 3 ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

نے شرکت کی۔ کراچی میں متعین اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی کے بیٹے محمد بخیت کی شادی ابوظبی میں ہوئی جس میں پاکستان اور یو اے ای کے بہترین تعلقات نظر آئے، شادی کی تقریب میں وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر ٹرانسپورٹ سندھ شرجیل انعام میمن، وزیر توانائی سندھ ناصر حسین شاہ نے شرکت کی۔ تقریب میں دبئی میں مقیم سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، اداکار جاوید شیخ اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری کے صاحبزادے نے بھی خصوصی شرکت کی۔ شادی کی تقریب میں عرب کا روایتی انداز دیکھنے میں آیا، مہمانوں کی تواضع قہوے سے کی گئی۔ اس موقع پر قونصل جنرل کا کہنا تھا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کی دوستی مثالی ہے۔ بخیت عتیق الرومیتی نے کہا کہ دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے سے اور ان کی ثقافت سے محبت کرتے ہیں، وزیر اعلی سندھ اور دیگر مہمانوں کی شادی میں شرکت کو بہت عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، یو اے ای حکومت پاکستان کے ہر مشکل وقت میں ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

کرنا سکھاتی ہیں۔ وزیراعلی سندھ نے یہ بات پاکستان آرٹس کونسل کراچی اور حکومت سندھ کے محکمہ ثقافت کے تعاون سے ہونے والے ورلڈ کلچرل فیسٹیول کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ثقافت ایک طرز زندگی ہے جو نسل درنسل منتقل ہوتی ہے۔ ثقافت پورے سماج کیلیے طرز زندگی کا نام ہے۔ جس میں موسیقی، شاعری، عادات و اطوار، لباس، زبان، عقائد، روایات اور فنون لطیفہ شامل ہے۔ موسیقی کے بارے میں بات کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ موسیقی کو کسی بھی ثقافت کا دل قرار دیا جاتا تھا۔ موسیقی پوری کائنات کی زبان ہے جو سرحدوں سے بالاتر سیدھا روح میں اتر جاتی ہے۔ پوری تاریخ میں موسیقی انسانوں کو جوڑنے والی قوت رہی ہے۔ موسیقی وہ جذبات بھی پہنچانے کی صلاحیت رکھتی ہے جن کا اظہار الفاظ سے ممکن نہیں ہے۔ سندھی سروں سے لے کر کلاسیکی راگ تک موسیقی نے ہمیشہ دل ودماغ کو جوڑنے کا کام کیا ہے۔ وزیراعلی سندھ نے کہا کہ شاعری جذبات کے لطیف اظہار کا نام ہے۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی جو صرف ایک شاعر نہیں بلکہ حکمت کا خزانہ بھی تھے ان کی شاعری اب تک نسل درنسل روشنی بکھیر رہی ہے۔ اس کے علاوہ فیض احمد فیض اور ان کے دیگر ہم عصر ازلی انسانی جذبے محبت، انصاف اور برداشت کی بات کرتے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ تحاریر ہمارے اجتماعی تخیل اور مشترکہ یادداشتوں کو محفوظ کرتی ہیں۔ ادب میں ہمیں اپنی کہانیاں، جدوجہد اور فتوحات ملتی ہیں جو ہماری شناخت اور ثقافتی روایات کو جنم دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ رواداری کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعلی سندھ نے کہا کہ رواداری اور اجتماعیت پرامن سماج کی بنیادیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

ترین سطح پر پہنچ گیا۔ ملک میں جمعرات کو سونے کی فی تولہ قیمت میں 1500 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق سونے کی فی تولہ قیمت 1500 روپے بڑھ کر 2 لاکھ 77 ہزار روپے ہو گئی۔ ملک میں 10 گرام سونے کی قیمت 1285 روپے کے اضافے سے 2 لاکھ 37 ہزار 482 روپے ہو گئی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی صرافہ مارکیٹ میں سونے کی قیمت 12 ڈالرز اضافے کے بعد 2 ہزار 665 ڈالرز فی اونس ہوگئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی سونے کی قیمت میں 2500 روپے کا اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

نے کہا ہے کہ ملوث اہلکاروں کے خلاف اہل خانہ کی مدعیت میں ایف آئی آر درج ہوگی اہل خانہ پیچھے ہٹے تو سندھ حکومت فریق بنے گی۔ اس بات کا اعلان وزیر داخلہ سندھ ضیا حسین لنجار نے ڈائریکٹوریٹ آف سوشل میڈیا کے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ ان کے ساتھ وزیر تعلیم سردار شاہ اور آئی جی سندھ غلام نبی میمن بھی موجود تھے۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن النجار نے کہا کہ میں نے احکامات دیے تھے کہ عمرکوٹ سانحے کی انکوائری جلد مکمل کریں، تفصیلی انکوائری کی گئی ہے، سی سی ٹی وی اور گاڑیوں کے ٹریکرز سے بھی مدد لی گئی، سانحے کی رپورٹ 31 صفحوں پر مشتمل ہے جس میں ثابت ہوا ہے کہ پولیس نے توہین رسالت کے ملزم ڈاکٹر شاہنواز کا فیک انکاؤنٹر کیا اور رپورٹ کے مطابق ڈی آئی جی اور ماتحت عملہ کسی نہ کسی صورت اس میں ملوث ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے کہا کہ ہم ملوث افسران کے خلاف ایف آئی آر کا حکم دے رہے ہیں پیپلز پارٹی کی جمہوری حکومت ہے کمیٹی نے فائنڈنگس دی ہے کہ مقتول کی فیملی مقدمہ درج کروائے اگر انہوں نے مقدمہ درج نہ کرایا تو سندھ حکومت فریق بن کر مقدمہ درج کرائے گی، کسی کو بھی ماورائے عدالت قتل کی اجازت نہیں دیں گے پولیس کا کام ہے شہریوں کی حفاظت کرنا، اگر وہ توہین رسالت کا مرتکب تھا تب بھی اسے عدالت میں پیش کرنا چاہیے ابھی یہ بات تحقیقات کے مراحل میں ہے کہ جرم اس نے کیا یا نہیں؟ اس کا موبائل فون فرانزک کے لیے گیا ہوا ہے۔ انہوں ل نے کہا کہ واقعے کی ابتدائی رپورٹ پیش کی گئی ہے اب سندھ حکومت واقعے کی مکمل انکوائری کرائیگی جسکے بعد مزید حقائق سامنے آئینگے۔